http://dailygawadarbusiness.com.pk

Member APNS

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت

Daily Gwadar Business Quetta

ABC Certified

روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ

جلد 22 | منگل 25 اگست 2026ء | 11 ربیع اول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 48

Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

ملک میں زرعی انقلاب کیلئے عملی اقدامات کرنا ناگزیر ہے، وزیراعظم

حکومت کسانوں کو ہرممکن سہولیات فراہم کرے گی

پاکستان کے 100 زرعی گریجویٹس کو زیتون کی کاشت، پروسیسنگ، مارکیٹنگ اور ویلیو چین کے مختلف شعبوں میں جدید تربیت حاصل کرنے کیلئے اٹلی بھجوائیں گے

زیتون کی کاشت سے ملک کو خوردنی تیل کی پیداوار میں خودکفیل کر کے قیمتی زرمبادلہ بچاسکتے ہیں، پاکستان نیشنل اولیو ویلیو چین پالیسی کے اجرا کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے زرعی انقلاب کیلئے عملی اقدامات کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کسانوں کو ہرممکن سہولیات فراہم کرے گی، زیتون کی کاشت سے ملک کو خوردنی تیل کی پیداوار میں خودکفیل کر کے قیمتی زرمبادلہ (بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر)

فیلڈ مارشل ایران پہنچ گئے، وزیرِ داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقات

فیلڈ مارشل مشرقِ وسطی میں جاری تنازع کے حل کی کوششوں کے فروغ پر توجہ مرکوز رکھیں گے، آئی ایس پی آر

تہران / راولپنڈی (این این آئی) علاقائی امن و استحکام کے فروغ کیلئے پاکستان کی کوششوں کے سلسلے میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ایران پہنچنے پر ایرانی وزیر داخلہ سے (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے وزیراعلیٰ سندھ کی ملاقات، جاری ترقیاتی منصوبوں پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ملاقات کی جس میں سندھ کے امور اور (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

اسرائیل کی غزہ میں فضائی کارروائیاں، 4 سالہ بچے سمیت دو فلسطینی شہید

جنگ بندی نظر نہیں آرہی ہے، ہم تنازع کا حل اور امن چاہتے ہیں، فلسطینی شہری

غزہ (این این آئی) اسرائیل نے غزہ میں فضائی کارروائی کے دوران 4 سالہ بچے سمیت دو فلسطینی شہید اور 7 شہری زخمی ہوگئے۔ غیرملکی خبرایجنسی کی رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 267 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سیف سٹی اتھارٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں ☆☆☆☆☆

جدید ٹیکنالوجی پر مبنی سیکیورٹی اور نگرانی کے نظام کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

وزیراعلیٰ بگٹی

حکومت امن وامان کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر رسپانس میکنزم کو مزید مضبوط بنارہی ہے، شہریوں کے تحفظ کے لیے جدید نگرانی کے نظام کو صوبے کے مزید علاقوں تک وسعت دی جائے گی

سیف سٹی اتھارٹی کی استعداد کار بڑھانے کے لیے پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے تجربات اور مہارت سے استفادہ کیا جائے گا، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے

سیف سٹی نظام کو مزید مستحکم اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ جرائم اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی سے پولیس کی کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جاسکتا

بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی امن وامان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں مؤثر کردار ادا کررہی ہے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں مؤثر کردار ادا کررہی ہے، جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال سے جرائم اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی کرتے ہوئے پولیس کے رسپانس میکنزم کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کا کویتی وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ

وزرائے خارجہ کا باہمی تعاون اور رابطوں کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار

امن اور استحکام کے حصول کے لیے بات چیت اور سفارت کاری ہی واحد راستہ ہے، نائب وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور کویت نے باہمی تعاون اور رابطوں کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

دورۂ تہران سے قبل ٹرمپ کا فیلڈ مارشل کو فون

ایران کو مذاکرات کی میز پر لانے کیلئے اثر و رسوخ استعمال کرنے کی درخواست

امریکا کی جانب سے بنیادی طور پر یہ درخواست کی گئی تھی کہ پاکستان اپنا اثر ورسوخ استعمال کرتے ہوئے ایران کو دوبارہ مذاکرات کی میز پر لائے

وائٹ ہاؤس کے پریس سیکرٹری کے دفتر نے اس خبر پر تبصرہ کرنے کی درخواست کا فوری طور پر کوئی جواب نہیں دیا، غیرملکی میڈیا کی رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) غیرملکی خبررساں ایجنسی (رائٹرز) نے ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے گزشتہ ہفتے پاکستان کے آرمی چیف اور چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ٹیلی فونک گفتگو کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

حکومت اپوزیشن کی مضبوط حکمت عملی نہ ہونے کا فائدہ اٹھا رہی ہے

مولانا فضل الرحمن

اپوزیشن اتحاد اسمبلی کے اندر ہی ہوگا، حکومت جس طرح کی قانون سازی کررہی ہے اس کے لیے مضبوط اپوزیشن اتحاد بنایا ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ حکومت اپوزیشن کی جانب سے مضبوط حکمت عملی نہ ہونے کا فائدہ اٹھارہی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ حکومت جس طرح کی (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا دن، فہرست جیل حکام کو ارسال

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی سے فیملی اور وکلا کی ملاقات کیلئے فہرست جیل حکام کے حوالے کردی گئی۔ پاکستان تحریک انصاف نے عمران خان سے ملاقات کیلئے 6 وکلا رہنماؤں کی فہرست اڈیالہ جیل حکام کو (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

کیٹی بندر پورٹ کو نئی بحری گزرگاہ بنانے کی تیاری، صدر کی جامع منصوبہ بندی کی ہدایت

بندرگاہ کے ساتھ سڑکوں، بجلی، پانی اور صنعتی ڈھانچے سمیت تمام ضروری سہولیات یقینی بنائی جائیں، آصف زرداری

کراچی (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کیٹی بندر کو نئی بحری گزرگاہ کے طور پر ترقی دینے کے منصوبے کو جامع منصوبہ بندی کے تحت آگے بڑھانے کی (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری سے چائنا ہاربر انجینئرنگ کمپنی کا وفد کیٹی بندر پورٹ کے حوالے سے ملاقات کررہا ہے

آزاد کشمیر اسمبلی کے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے انتخاب کا شیڈول جاری

مظفرآباد (این این آئی) آزاد کشمیر اسمبلی کے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے انتخاب کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ شیڈول کے مطابق (آج) 25 اگست کو اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے عہدوں کے لیے کاغذات نامزدگی جمع کرائے جائیں (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

اگر نئے صوبے پاکستان کے مفاد میں ہیں تو ضرور بننے چاہئیں، طارق فضل چوہدری

بھارت نے 1950 میں کمیشن بنایا اور بھارتی پنجاب سے مزید 3 صوبے، ہماچل پردیش، ہریانہ اور پنجاب وجود میں آئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ اگر نئے صوبے پاکستان کے مفاد میں ہیں تو یہ ضرور بننے چاہئیں۔ سوشل (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ ملاقات کررہے ہیں

موڈیز نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ سی اے اے ون سے بڑھا کر بی تھری کردی

وزیراعظم کی قوم کو مبارکباد

آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری اصلاحات کے پروگرام پر مسلسل عمل درآمد سے پالیسیوں کی ساکھ مضبوط ہوئی ہے، موڈیز

بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کا اعتراف خوش آئند ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) کریڈٹ ریٹنگ کی بین الاقوامی ایجنسی موڈیز نے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ سی اے اے ون سے سے بڑھا کر بی تھری کرتے ہوئے ملک (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے موڈیز کی جانب سے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ Caa1 سے بڑھا کر B3 کرنے پر قوم کو مبارکباد دیتے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اقتصادی رابطہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

منگی ڈیم زیارت واقعہ، آئی جی پولیس کی رپورٹ غیر تسلی بخش ہے، تحقیقاتی کمیشن

سماعت جسٹس محمد عامر نواز رانا نے ایڈووکیٹ جنرل کو آئی جی پولیس کو اگلی سماعت پر ذاتی حیثیت میں پیش ہونے سے متعلق آگاہ کرنیکا حکم دیا

لواحقین کی درخواست پر رجسٹریشن اور ناموں کے اندراج کی آخری تاریخ بڑھا کر 3 ستمبر تک کرنیکا حکم، آئندہ سماعت جمعرات 27 اگست تک ملتوی

کوئٹہ (خ ن) منگی ڈیم، ضلع زیارت میں پیش آنے والے دہشت گرد حملے کی تحقیقات کے لیے قائم کمیشن آف انکوائری جسٹس محمد عامر نواز رانا نے کھلی عدالت میں سماعت کی۔ سماعت کے دوران عبداللطیف کاکڑ ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان، محمد فرید ڈوگر، ایڈیشنل اٹارنی جنرل؛ انور نسیم کاسی، ڈپٹی اٹارنی جنرل-I؛ حبیب اللہ گل، ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل؛ عبدالمتین، ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل سمیت دیگر متعلقہ حکام اور وکلاء بھی (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

سسٹم ناکام نہیں ہوا، ڈیلیور کررہا ہے، سردار ایاز صادق

بھارت سے جنگ جیتی، پھر ایران امریکا ثالثی کروائی جس سے پاکستان کی عزت بڑھی

معاشی حالات پہلے بہت خراب ہوچکے تھے لیکن اب بہتری کی جانب بڑھ رہی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے کہا ہے کہ سسٹم ناکام نہیں ہوا، ڈیلیور کررہا ہے، پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایاز صادق نے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

پٹرولیم لیوی نامنظور، ستمبر کے پہلے ہفتے ملک گیر ہڑتال ہوگی

حافظ نعیم

ن لیگ نئے صوبوں کے معاملے پر اپنی پالیسی مشاورت کے بعد سامنے لائے گی، پارٹی رہنماؤں کو اس حساس موضوع پر محتاط رہنے کی ہدایت

رہنما کوئی موقف اختیار کرنے سے گریز، پارٹی کی حتمی پالیسی کا انتظار کریں، پارٹی قائد کی ہدایت

لاہور (این این آئی) نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کے معاملے پر سیاسی بحث تیز ہونے کے بعد مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے فی الحال اس موضوع پر خاموشی اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پارٹی ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے پارٹی رہنماؤں کو نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق بیانات دینے سے روک دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نواز شریف (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

مولانا فضل الرحمان کو اپوزیشن اتحاد کا حصہ بنانا چاہتے ہیں، بیرسٹر گوہر

تمام سیاسی جماعتوں کو ملک، پارلیمان، آزاد عدلیہ اور الیکشن کمیشن کی مضبوطی کے ایجنڈے پر متحد ہونا چاہیے

فی الحال ہمارا جوائنٹ اپوزیشن کا اتحاد صرف قومی اسمبلی کے فلور اور قانون سازی کی حد تک ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ ہماری پہلے بھی خواہش تھی اور اب بھی خواہش ہے کہ مولانا فضل الرحمان ہمارے ساتھ اتحاد کا حصہ (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

سینیٹ اجلاس، عمران خان کے معاملے پر بات کرنے کی اجازت نہ ملنے پر اپوزیشن کا واک آؤٹ

اسلام آباد (این این آئی) قائد حزب اختلاف کو بات کرنے کی اجازت نہ ملنے پر تحریک انصاف کے ارکان شدید احتجاج کرتے رہے، کورم کی نشاندہی کر کے ایوان سے واک (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

کراچی: جشن عید میلاد النبیؐ کے موقع پر فیضان مدینہ کو خوبصورت لائٹوں سے سجایا گیا ہے

بانی پی ٹی آئی ہسپتال منتقلی کیس، حکومت کی نظرثانی درخواست کو نمبر الاٹ، سماعت کیلئے مقرر کرنے کا عمل شروع

اسلام آباد (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہسپتال منتقلی کے فیصلے کے خلاف حکومت کی نظرثانی درخواست کو نمبر (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

میر لیاقت علی لہڑی کی سیکرٹری اطلاعات عمران خان سے ملاقات

عوام کو حکومتی اقدامات سے بروقت آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، لیاقت لہڑی

محکمہ اطلاعات حکومت اور عوام کے درمیان رابطے کا اہم ذریعہ ہے، عمران خان

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی نے سیکرٹری اطلاعات حکومت بلوچستان عمران خان سے ملاقات کی، جس میں صوبے میں جاری (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)



کراچی: علی احمد کرد ایڈووکیٹ اور حامد خان میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

سرانان میں مزدوروں پر مسلح افراد کی فائرنگ، 5 جاں بحق ایک شدید زخمی

نامعلوم مسلح افراد نے روڈ کی تعمیر میں مصروف مشینری کو بھی فائرنگ کا نشانہ بنایا، مزدوروں کا تعلق پنجاب سے بتایا جاتا ہے

سرانان بازار میں سڑک کی تعمیر میں مصروف مزدوروں پر دہشتگرد حملہ قابل مذمت ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) سرانان کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 5 مزدور جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق پیر کو سرانان کے علاقے سلیمان زئی (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع پشین کے علاقے سرانان بازار میں سڑک کی تعمیر میں مصروف مزدوروں پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے (بقیہ نمبر 366 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے پشاور، بونیر ہائیکورٹ بار، بہاولپور ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن، سرگودھا، خانیوال اور ملتان کے وفود ملاقات کررہے ہیں

ملک میں بارشوں اور سیلاب سے اموات کی تعداد 160 سے متجاوز

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے مختلف شہروں میں شدید مون سون بارشوں کے باعث ہونے والی لینڈ سلائیڈنگ اور سیلاب (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

اختیار ولی خان کی اتحادی حکومت میں اختلافات کی خبروں کی تردید

حکومت کو زیرحراست پی ٹی آئی رہنما کی صحت کے حوالے سے تشویش ہے، کوآرڈینیٹر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات وخیبرپختونخوا امور اختیار ولی خان نے اتحادی حکومت میں اختلافات کی خبروں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

مشرق وسطی میں امریکی فوجی اڈوں پر ایرانی حملوں نے امریکا کو مشکل میں ڈال دیا

ایران نے امریکی تنصیبات کو مختصر فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا، برطانوی اخبار

لندن (این این آئی) ایران کے ساتھ تقریبا چھ ماہ جاری رہنے والی جنگ نے مشرق وسطی میں امریکی فوجی موجودگی کے مستقبل پر نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ برطانوی اخبار کے (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان سے معروف گلوکار و فنکار عارف بگٹی کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کو یہاں معروف گلوکار و فنکار عارف بگٹی نے ملاقات کی، جس میں (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

تہران: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی سے ملاقات کررہے ہیں

توانائی شعبے کا مجموعی گردشی قرضہ 5 ہزار 286 ارب روپے تک پہنچ گیا

توانائی کے شعبے میں بروقت ٹیرف ایڈجسٹمنٹ، سرکلر ڈیٹ روکنے کے لیے ضروری ہے، آئی ایم ایف

گیس شعبے کا سرکلر ڈیٹ 3 ہزار 611 ارب روپے جبکہ بجلی شعبے کا سرکلر ڈیٹ ایک ہزار 675 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا

توانائی کا شعبہ بدستور مالی دباؤ کا شکار ہے، بجلی شعبے میں سرکلر ڈیٹ کے بہاؤ کو کم کرنا پاکستان کے لیے اہم چیلنج ہے، آئی ایم ایف

اسلام آباد (این این آئی) ملکی توانائی شعبے کا مجموعی سرکلر ڈیٹ 5 ہزار 286 ارب روپے تک پہنچ گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گیس شعبے کا سرکلر ڈیٹ 3 ہزار 611 ارب روپے جبکہ بجلی شعبے کا سرکلر ڈیٹ ایک ہزار 675 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا ہے، توانائی شعبے کے مجموعی (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

پٹرولیم لیوی نامنظور، ستمبر کے پہلے ہفتے ملک گیر ہڑتال ہوگی

حافظ نعیم

ہماری جدوجہد کسی ذاتی یا سیاسی مفاد کے لیے نہیں، آئی پی پیز مافیا حکومت کیساتھ ملکر عوام کا خون چوس رہا ہے

مکہ دفاعی معاہدہ بیت المقدس کے تحفظ کے لیے استعمال کیا جائے، امیر جماعت اسلامی پاکستان کی پریس کانفرنس

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے حکومت کو خبردار کیا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی ختم نہ کی گئی اور عوام کو حقیقی ریلیف نہ دیا گیا تو جماعت اسلامی احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کرتے ہوئے سڑکوں پر بیٹھ جائے گی، دھرنوں کے مقام پر بارہ (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

مولانا فضل الرحمٰن سے شاہد خاقان عباسی اور مفتاح اسماعیل کی ملاقات

ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، موجودہ ملکی حالات اور سیاسی منظرنامے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا

سیاسی صورتحال، ملک کو درپیش چیلنجز، عوامی مسائل اور سیاسی وجمہوری معاملات پر اپنی آرا کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ و سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی، سابق وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل نے جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

ایران جنگ کے خاتمے کے لیے اپنے مخالفین کی شرائط قبول نہیں کرے گا، ایران

پاکستانی آرمی چیف کا دورہ دونوں ممالک کے باہمی تعلقات اور مشترکہ امور پر توجہ مرکوز رکھے گا

تہران (این این آئی) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ پاکستانی آرمی چیف کا دورہ دونوں ممالک کے باہمی تعلقات اور مشترکہ امور پر توجہ مرکوز رکھے گا، دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ روابط میں مسلسل بہتری آرہی ہے۔ ایرانی وزارت (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان کا مزدوروں کے قتل کی مذمت

واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے ضلع پشین کے علاقے سرانان میں نہتے مزدوروں کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزدور اپنی محنت سے تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور اپنے بچوں کا پیٹ پالتے ہیں۔ (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

ایران سے معاہدے کی امید؛ امریکی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں 3 فیصد کمی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان کسی ممکنہ معاہدے اور آبنائے ہرمز دوبارہ کھلنے کی امیدوں کے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

پنجگور، ٹریفک حادثہ، 4 خواتین سمیت 5 افراد جاں بحق، دو بچے زخمی

پنجگور شہر سے 60 کلومیٹر دور گوران کے مقام پر تربت جانے والی ایک کار دوسری گاڑی سے ٹکرا گئی

پنجگور (این این آئی) پنجگور گوران میں ٹریفک کا ہولناک حادثہ، ایک ہی خاندان کی 4 خواتین سمیت 5 افراد جاں بحق جبکہ دو بچے زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق پنجگور شہر (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

بانی جس دن سے صحت مند نکلے کسی نے شکر ادا نہیں کیا، سارے افسردہ ہیں، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیرمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی جس دن سے صحت مند نکلے کسی (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

وزارت اطلاعات نے خواجہ آصف کی سوشل میڈیا پر زیرگردش ویڈیو کو جعلی اور اے آئی قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وزیردفاع خواجہ آصف کی سوشل میڈیا پر زیرگردش ویڈیو کو وزارت اطلاعات نے اے آئی اور جعلی (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

یوکرینی ڈرونز کے روسی علاقوں پر بڑے حملے، 351 ڈرون تباہ، تین بچے ہلاک

حملوں کے دوران روسی ای کامرس کمپنی اوزون کے متعدد لاجسٹک مراکز کو بھی نشانہ بنایا گیا

ماسکو (این این آئی) روس کے مختلف علاقوں پر رات گئے بڑے پیمانے پر یوکرینی ڈرون حملوں کے نتیجے میں کراسنودار میں تین بچے ہلاک اور بچوں سمیت متعدد افراد زخمی ہوگئے جبکہ روسی فضائی دفاع نے 351 یوکرینی ڈرونز کو تباہ کرنے کا دعویٰ کیا ہے حملوں کے (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

شہری ایک لیٹر پیٹرول پر 130 روپے 75 پیسے ٹیکس، مختلف مارجنز ادا کرنے پر مجبور

لاہور (این این آئی) پاکستانی شہری ایک لیٹر پیٹرول پر مجموعی طور پر 130 روپے 75 پیسے ٹیکس اور مختلف مارجنز ادا کرنے (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو 12 ربیع الاول کے سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

لاہور: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن دھرنے کے مقام پر پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیرالاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس
ایڈیٹر: ریاض احمد

زرعی شعبے کی اصلاحات

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ نیشنل ایگریکلچر ریسرچ سینٹر کی اصلاحات کی منظوری اورانہیں جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیشنل ایگری کلچر ریسرچ سینٹر اور پاکستان ایگریکلچر ریسرچ کونسل کو مزید فعال بنا کر انہیں بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ کیا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرِ صدارت زرعی شعبے کی اصلاحات اور شعبے کی ترقی کیلئے حکومت کے پالیسی اقدامات پر عملدرآمد کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہو۔ وزیراعظم نے کہا کہ فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کیلئے چھوٹے و درمیانے درجے کی کسانوں کو ہر قسم کی معاونت فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، سرٹیفائیڈ کمپنیوں کی جانب سے کسانوں کو معیاری بیج کی فراہمی یقینی بنائی جائے، تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر فصلوں کی پیداوار کے قومی سطح پر تخمینوں کیلئے جامع پلان مرتب اور زرعی شعبے کی ترقی کیلئے زرعی تحقیق کے اداروں کو مزید فعال بنایا جائے۔ چھوٹے و درمیانے درجے کے کسان حکومت کی زرعی شعبے میں جدت کی اصلاحات سے بھرپور استفادہ حاصل کریں، چین سے گزشتہ برس زرعی تربیت حاصل کر کے واپس آنے والے طلبا و طالبات کے تجربے سے بھرپور فائدہ اٹھایا جائے، رواں برس چین میں زرعی شعبے کی تربیت کیلئے جانے والے طلبا و طالبات کے انتخاب میں میرٹ و شفافیت کو اولین ترجیح دی جائے۔ اجلاس میں وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی جانب سے زرعی شعبے کی اصلاحات کیلئے اقدامات پر عملدرآمد پر پیشرفت سے آگاہ کیا گیا جبکہ ملک میں گندم کی طلب، کاشت کے رقبے اور آئندہ فصل کی پیداوار کے تخمینے پر بھی بریفنگ دی گئی۔

"شہرِ وفا" شعری مجموعہ

شاعر: اختر چیمہ، لاہور

(گزشتہ سے پیوستہ کا آخری حصہ) اردو ادب کا روایتی مزاج جہاں حسن و عشق کی تخیلاتی داستانوں اور فلسفیانہ گتھیوں سے عبارت ہے، وہاں عصرِ حاضر کے ادبی منظرنامے میں ایک ایسے منفرد لہجے کی ضرورت شدت سے محسوس کی جا رہی تھی جو جدید دور کے انسان کے حقیقی کرب، اس کی اقدار کی پامالی اور اس کی داخلی کیفیات کو پوری دیانت داری سے بیان کر سکے۔ اس تناظر میں، ممتاز ماہرِ تعلیم، لیکچرار اور کالم نگار اختر چیمہ کا پہلا شعری مجموعہ "شہرِ وفا" ادبی افق پر ایک خوشگوار، جاندار اور فکری توانائی سے بھرپور اضافہ بن کر ابھرا ہے۔ یہ مجموعہ شاعر کی برسوں کی فکری ریاضت، مشاہدے کی پختگی اور زبان و بیان پر ان کی گہری گرفت کا بین ثبوت ہے۔
کسی بھی تخلیق کار کے دل کی اصل کیفیت اس کے انتساب سے معلوم ہوتی ہے۔ اختر چیمہ نے اپنی اس عمر بھر کی کمائی کو اپنے والدین مرحومین و مغفورین کے نام منسوب کیا ہے۔ یہ انتساب محض ایک رسمی عبارت نہیں بلکہ والدین سے گہری محبت، عقیدت اور ان کی دی ہوئی تربیت کا اعتراف ہے۔ شاعر نے نامساعد حالات میں بہترین تعلیم و تربیت اور ایثار و قربانی پر اپنے والدین کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ پروردگار انہیں جوارِ رحمت میں جگہ دے۔ یہ جذباتی وابستگی کتاب کے آغاز ہی میں قاری کے دل کو چھو لیتی ہے اور مصنف کی خاندانی اقدار اور مٹی سے جڑے ہونے کا پتا دیتی ہے۔
کتاب کا مقدمہ یا "حرفِ اول" مصنف کی نثری صلاحیتوں کا ایک شاندار عکاس ہے۔ ایک اردو لیکچرار اور اسکالر ہونے کے ناطے، اختر چیمہ نے یہاں ادب، زندگی اور معاشرتی ذمہ داری پر بہت گہری اور مدلل گفتگو کی ہے۔ انہوں نے ثابت کیا ہے کہ شاعری محض الفاظ کا گورکھ دھندا نہیں بلکہ یہ روح کی آواز اور معاشرے کا آئینہ ہوتی ہے۔ ان کا نثر لکھنے کا انداز اتنا باوقار، سلیس اور جاذبِ نظر ہے کہ قاری شاعری پڑھنے سے پہلے ہی مصنف کی فکری بلندی کا قائل ہو جاتا ہے۔
"شہرِ وفا" کی ایک بڑی اور بنیادی خوبی اس کا اخلاص اور جذبوں کی غیر مصنوعی سچائی ہے۔ اختر چیمہ نے خود کو روایتی مبالغہ آرائی یا محض قافیہ پیمائی کے حصار میں مقید نہیں رکھا، بلکہ اپنے گرد و پیش بکھری سچی انسانی سچائیوں، رشتوں کی ٹیس اور سماجی رویوں کو غزل اور نظم کے قالب میں ڈھالا ہے۔ ان کا فکری شعور قاری کو ایک دھیمے اور سنجیدہ مزاج سے روشناس کرواتا ہے جو جذبات کی سستی عکاسی سے یکسر پاک ہے۔ ان کی شاعری پڑھتے ہوئے محسوس ہوتا ہے کہ یہ کسی خیالی دنیا کا قصہ نہیں بلکہ اِسی مٹی کے انسان کی کہانی ہے۔



مجموعے کا باقاعدہ آغاز حمد، نعتِ رسولِ مقبول ﷺ، مناجات اور سلام جیسے پاکیزہ اور مقدس موضوعات سے ہوتا ہے۔ ایک سچے تخلیق کار کے لیے عقیدت کا اظہار اس وقت تک اثر انگیز نہیں ہو سکتا جب تک دل گداز سے آشنا نہ ہو۔ اختر چیمہ کے نعتیہ کلام اور مناجات میں عاجزی، تڑپ اور گہری وابستگی نمایاں ہے۔ صوفیانہ رجحان اور تقدیسی شاعری میں ان کا قلم حد درجہ باادب اور دل نشیں رہا ہے، جو ان کی داخلی طہارت اور صوفیانہ مزاج کی عکاسی کرتا ہے۔ ان کا یہ کلام قاری کی روح کو تازگی اور دل کو سکون بخشتا ہے۔
اختر چیمہ کی غزلوں میں جہاں کلاسیکی روایت کی پاسداری نظر آتی ہے، وہیں جدید دور کے انسان کا نفسیاتی کرب بھی اپنی پوری معنویت کے ساتھ موجود ہے۔ ان کی غزل کا محبوب روایتی طور پر ظالم یا بے مہر نہیں بلکہ وہ زندگی کے تضادات اور حالات کی ستم ظریفیوں سے نبرد آزما ایک حقیقی کردار دکھائی دیتا ہے۔ اختر چیمہ کے ہاں غزل کے اشعار میں ایک خاص قسم کا ترنم اور نغمگی ہے، جو بحروں کے انتخاب اور الفاظ کی خوبصورت بندش کا نتیجہ ہے۔ ان کے اشعار سہلِ ممتنع کی وہ بہترین مثال ہیں جو ایک عام قاری کے دل میں بھی براہِ راست اتر جاتے ہیں۔
نظم کی صنف میں اختر چیمہ کا سماجی شعور اور عصری آگہی عروج پر دکھائی دیتی ہے۔ متفرق اور اچھوتے موضوعات پر لکھی گئی ان کی نظمیں سماج کی ناہمواریوں، گرتی ہوئی اخلاقی اقدار اور انسانی رشتوں کی نزاکت کا نوحہ بھی ہیں اور ان کی بحالی کی ایک مخلصانہ کوشش بھی۔ ان کی نظموں کا تانا بانا بہت مضبوط ہے، جہاں ہر مصرع دوسرے مصرعے سے جڑا ہوا ہے اور پوری نظم قاری کو اپنے سحر میں جکڑے رکھتی ہے۔ وہ سماجی مسائل کو محض نمایاں نہیں کرتے بلکہ محبت اور وفا کے جذبوں کے ذریعے ان کا مداوا بھی پیش کرتے ہیں۔
کسی بھی کتاب کا پہلا تاثر اس کی ظاہری پیشکش سے بنتا ہے۔ پاکستان کے مایہ ناز پبلشنگ ادارے "فکشن ہاؤس، لاہور" نے "شہرِ وفا" کی اشاعت میں اپنے روایتی اور اعلیٰ معیار کو برقرار رکھا ہے۔ کتاب کا دلکش اور باطنی موضوعات سے ہم آہنگ سرورق، عمدہ کاغذ، معیاری طباعت اور بہترین کمپیوٹر کمپوزنگ نے اس شعری مجموعے کو ایک لازوال فن پارہ بنا دیا ہے۔ 223 صفحات پر مشتمل یہ ضخیم کتاب اردو ادب کے سنجیدہ قارئین کے لیے ایک انمول تحفہ ہے۔
اختر چیمہ کا شعری سفر صرف "شہرِ وفا" تک محدود نہیں بلکہ ان کا تخلیقی چشمہ تیزی سے رواں دواں ہے۔ ان کی کئی دیگر اہم کتب بھی زیرِ طبع ہیں جو بہت جلد ادبی دنیا کی زینت بننے والی ہیں۔ ان کتب میں غزلوں کا مجموعہ "محبت ہے صدا میری"، نظموں پر مشتمل کتاب "شعلے"، تقدیسی کلام کا مجموعہ "صحیفہ مودت" اور سیر و سلوک پر مبنی اہم تصنیف "تجلی" شامل ہیں۔ یہ تمام آنے والے منصوبے اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ اختر چیمہ اردو ادب کی خدمت کے لیے ایک طویل اور پائیدار وژن رکھتے ہیں۔
مختصراً یہ کہ اختر چیمہ کا "شہرِ وفا" محض ایک شاعر کا پہلا مجموعہ کلام نہیں، بلکہ زندگی، محبت، عقیدت اور سماج کو دیکھنے والی ایک حساس اور بیدار آنکھ کا تخلیقی نچوڑ ہے۔ یہ مجموعہ انہیں عصرِ حاضر کے معتبر اور پختہ گو شعرا کی صف میں نمایاں مقام دلانے کے لیے کافی ہے۔ امید ہے کہ اردو ادب کے قارئین اور ناقدین اختر چیمہ کے اس شعری سفر کا کھلے دل سے استقبال کریں گے اور مستقبل میں ان سے مزید اعلیٰ فکری کلام کی امیدیں وابستہ رہیں گی۔

(غلام شبیر، سیالکوٹ)

☆☆☆☆

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام ریڈیو پاکستان کے اشتراک سے بلوچستان ریفارمز سوشل کے وائس چیئرمین حاجی اسحاق مینگل، پیٹرن انچیف ڈاکٹر فرحت حسین، ڈاکٹر صفیہ مینگل، فائزہ سکندر اور دیگر جشن آزادی کا کیک کاٹ رہے ہیں

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام ریڈیو پاکستان کے اشتراک سے جشن آزادی کے حوالے سے منعقدہ تقریب کے اختتام پر وائس چیئرمین حاجی اسحاق مینگل کا پیٹرن انچیف ڈاکٹر فرحت حسین، فائزہ سکندر، صفیہ مینگل اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

اردو ادب کے سنگ میل: خدیجہ، ہاجرہ اور خالد احمد

تحریر۔ ڈاکٹر فوزیہ تبسم

(گزشتہ سے پیوستہ) رہو۔ ان کے والد محترم نے ایک بار عائشہ، خدیجہ اور ہاجرہ کو لکھنوٴ بھیجا وہاں ان کی شوکت تھانوی سے ملاقات ہوئی۔ خدیجہ نے ان سے بھی اپنے پلاٹوں کا ذکر کیا انہوں نے بے حد حوصلہ افزائی کی۔ اس ہنستے مسکراتے گھرانے کو نجانے نظر لگ گئی اور اچانک تہور احمد خان 38 سال کی عمر میں انتقال کر گئے یہ دسمبر 1937ء تھا اس گھرانے کیلئے زمانے کی گردش گویا رک سی گئی۔ زندگی جو ذرا پہلے سہانہ خواب دکھائی دے رہی تھی بھیانک عذاب بن گئی گھر کا شیرازہ بکھر گیا تھا۔ باپ کا سایہ سر سے اٹھنے کے بعد اس خانوادے کو پھر ایک بار لکھنوٴ کا رخ کرنا پڑا تاہم اب زندگی کے اطوار وہ نہ رہے تھے۔ خانوادے کا واحد مرد پانچ برس کا توصیف تھا۔ ماں نے عزم صمیم کے ساتھ نئی زندگی کے آغاز کا فیصلہ کیا۔ ہاجرہ اور خدیجہ نے ابتداء میں ہی ایک دن گیت لکھنے کی مشق کی مگر بات نہ بنی پھر دونوں نے افسانے کے بارے میں سوچا اور دونوں بہنوں نے ایک دوسرے سے منہ موڑ کر ایک کمرے میں بیٹھ کر لکھنا شروع کیا دونوں بہنیں کامیاب ہوئیں اور یوں وہ اپنے لکھے افسانے مختلف رسالوں میں بھیجنے لگیں۔ خدیجہ کا افسانہ "سبها" اور ہاجرہ کا "لاوارث لاش" دونوں بہنوں کو ایک دوسرے کے افسانے نے کر ایک سرشاری کی سی کیفیت طاری رہی۔ دونوں بہنیں نے طے کیا کہ ہم اپنے افسانے دلی میں ایک ادبی حیثیت کے مالک عزیز کو بھیجیں گے تاکہ شائع ہوں۔ عزیز نے افسانے پڑھنے کے بعد ایک خط میں دونوں بہنوں کو نصیحت کی کہ پردے دار اور شریف گھرانوں کی مسلمان بیٹیوں کو اس قسم کی باتیں زیب نہیں دیتیں۔ ماں نے یہ سنا تو بیٹیوں کو کہا کہ آپ اپنا شوق جاری رکھیں۔ پھر خدیجہ نے ایک جریدے کیلئے اپنا نیا افسانہ شائع ہونے کیلئے بھیجا مگر وہ شائع نہ ہوا انہوں نے جریدہ انہیں بھیجنا شروع کر دیا۔ خدیجہ وہ جریدہ ہاتھ میں لئے سارا دن اتراتی پھرتیں۔ احمد ندیم قاسمی صاحب جب ادبِ لطیف کے مدیر تھے تو انہوں نے خدیجہ مستور اور ہاجرہ مسرور کے افسانے پڑھے تو فوراً انہیں فرمائش کی کہ آپ ادبِ لطیف کیلئے بھی افسانے لکھیں یوں دونوں بہنوں کے قدم افسانے کی دنیا میں برق رفتاری سے آگے بڑھنے لگے۔ 1947ء میں پاکستان بننے کے بعد ترکِ وطن کرنے اور پاکستان کی طرف کوچ کرنے کا فیصلہ کیا۔ خدیجہ کے اہلِ خانہ نے لکھنوٴ کو ایک بار پھر ہمیشہ کیلئے خیرباد کہا اور نئی مملکتِ پاکستان میں نئی امید کے ساتھ داخل ہوئے۔ انہوں نے تاریخی شہر لاہور کا رخ کیا۔ پاکستان میں آتے ہی مشہور افسانہ نگار شاعر احمد ندیم قاسمی نے اخلاقی اور قلمی معاونت کی۔ پاکستان آنے کے بعد خدیجہ مستور اور ہاجرہ مسرور نے پے در پے تخلیقات سے اردو ادب کو نوازا۔ خدیجہ مستور کا پہلا ناول "آنگن" 1962ء میں منظرعام پر آیا۔ تقسیم ہند کے موضوع پر لکھا گیا یہ ناول بے حد مشہور ہوا انہیں اس پر آدم جی ادبی ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ان کا ایک اور ناول "زمین" 1987ء میں سامنے آیا۔ افسانوی مجموعے کھیل (1944)، بوچھاڑ (1946)، چند روز (1951) اور تھکے ہارے (1962) وغیرہ شامل ہیں۔

☆☆☆







9 اگست 2026 کو نائس ووکیشنل ٹریننگ سینٹر، 210 رستم پارک، موڑ سمن آباد، عقب عمر مارکیٹ، ملتان روڈ، لاہور میں نائس ادبی فورم اور پاک برٹش آرٹس انٹرنیشنل کے زیرِ اہتمام ایک شاندار مشاعرہ اور ڈاکٹر مجاہد بخاری کے کتاب (ادھورے خواب) کی تقریب رونمائی منعقد ہوا، جو کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

تقریب کی تصویری جھلکیاں اور تفصیلات:

تقریب کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا، جس کی سعادت محمد افضل ساجد نے حاصل کی اور بعد ازاں انہوں نے بارگاہِ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نعتِ رسولِ مقبول پیش کی۔

صدارت: مشاعرے کی صدارت سید کرامت بخاری نے کی۔

نظامت: مشاعرے کے فرائضِ نظامت محمد افضل ساجد نے نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیے۔

مہمانانِ خصوصی: سید زاہد بخاری (سیالکوٹ)، سیدہ عنبر حیدر ترمذی (ملتان)، محمد عباس مرزا، اعظم توقیر اور ڈاکٹر یاسر ذیشان (سیالکوٹ)۔

منتظمین: محمد علی صابری، ڈیوڈ پرستی، سید باصر زیدی، ندیم گوہر اور میڈم سائرہ اقبال۔

مشاعرے کے آغاز میں صدرِ محفل و دیگر مہمانانِ خصوصی کو پھولوں کے تحائف پیش کر کے انہیں ان کی مخصوص نشستوں پر براجمان کیا گیا، اس پُر وقار تقریب میں راقم الحروف (شاہ محمد شان) نے بھی اپنا کلام نذرِ سامعین کیا اور خوب داد سمیٹی۔

اختتام پر حسبِ معمول مہمانوں میں کتب تقسیم کی گئیں اور صدرِ محفل کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی، تقریب کا اختتام یادگار گروپ فوٹو اور شرکاء کے لیے پُر تکلف عصرانے پر ہوا۔

رپورٹ: شاہ محمد شان

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز سوشل نیٹ ورک کے زیر اہتمام ریڈیو پاکستان کے اشتراک سے جشن آزادی کے حوالے سے منعقدہ تقریب میں بلوچستان ریفارمز سوشل کے وائس چیئرمین حاجی اسحاق مینگل، پیٹرن انچیف ڈاکٹر فرحت حسین، ڈاکٹر صفیہ مینگل شرکاء میں سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

Daily Gwadar Business
منگل 25 اگست 2026ء
روزنامہ گوادر بزنس
3

بقیہ 1
[illegible]

بقیہ 2
[illegible]

بقیہ 3
[illegible]

بقیہ 4
[illegible]

بقیہ 5
[illegible]

بقیہ 6
[illegible]

بقیہ 7
[illegible]

بقیہ 8
[illegible]

[illegible]

بقیہ 9
[illegible]

بقیہ 10
[illegible]

بقیہ 11
[illegible]

بقیہ 12
[illegible]

بقیہ 13
[illegible]

بقیہ 14
[illegible]

بقیہ 15
قائم اشیاء خورد ونوش کے مراکز کا معائنہ کیا۔ بی ایف اے حکام کے مطابق کارروائی کے دوران 4 ریسٹورنٹس مالکان کو جرمانے عائد کیے گئے جبکہ معمولی نوعیت کے نقائص پر 2 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ حکام کے مطابق جرمانہ کیے گئے ریسٹورنٹس میں صفائی ستھرائی کی ابتر صورتحال، ورکرز کی ذاتی صفائی کا ناقص انتظام، کھلے کوڑے دان، ٹوٹے ہوئے کپ، حشرات کی موجودگی، گندے پانی کے ٹینک، خراب دہی اور خراب ٹیٹروں کی موجودگی سمیت دیگر حفظان صحت کی خلاف ورزیاں پائی گئیں۔ بی ایف اے حکام نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے خوراک کے مراکز کی باقاعدگی سے نگرانی اور قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ تاجروں اور فوڈ بزنس آپریٹرز کو صفائی کے معیار اور فوڈ سیفٹی قوانین پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت بھی کی گئی۔

بقیہ 16
آئندہ کے لائحہ عمل پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں بالخصوص بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) فیز ٹو اور فیز 3 کے تحت جاری اور مکمل ہونے والے منصوبوں پر متعلقہ افسران کی جانب سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ افسران نے اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی، منصوبوں کی پیش رفت اور درپیش مسائل سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ تمام ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت میں مکمل کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے معیار کو بھی ہر صورت یقینی بنایا جائے اور منصوبوں کی تکمیل میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہ کی جائے۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود کے لیے اجتماعی نوعیت کے ترقیاتی منصوبوں کو ترجیح دے رہی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری ان سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں درپیش رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے، محکموں کے درمیان باہمی رابطے اور تعاون کو مزید مؤثر بنایا جائے اور منصوبوں کو شفافیت، معیار اور مقررہ مدت کے مطابق مکمل کیا جائے۔ ڈ

بقیہ 17
کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اور جاری کردہ ہدایات پر عملدرآمد کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، جبکہ میڈیکل آفیسرز، لیڈی میڈیکل آفیسرز اور دیگر طبی عملے کی حاضری، فیلڈ ورکرز کی رپورٹس، محکمانہ نظم وضبط اور تادیبی کارروائیوں سے متعلق امور بھی زیر بحث آئے۔ اجلاس کے دوران ڈی ایچ کیو ہسپتال، رورل ہیلتھ سینٹرز، بنیادی مراکز صحت، سول ڈسپنسریز اور زچہ وبچہ مراکز کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ مختلف عمودی صحت پروگرامز، بالخصوص ملیریا کنٹرول، ٹی بی، ای پی آئی، غذائیت اور دیگر صحت عامہ کے پروگرامز کی پیش رفت اور کارکردگی پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن کہدانی نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام صحت مراکز میں عملے کی بروقت حاضری، ادویات وطبی سہولیات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور عوام کو معیاری طبی خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

بقیہ 18
کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم اور محنت کش مزدوروں کو نشانہ بنانا دہشت گردوں کی سفاکیت، بزدلی اور انسانیت دشمن فعل کا کھلا ثبوت ہے۔ وزیر داخلہ نے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس بزدلانہ کارروائی میں ملوث امن دشمن عناصر کو ہر صورت کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ میر ضیاءاللہ لانگو نے واضح کیا کہ بے گناہ مزدوروں کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں اور ایسی کارروائیاں بلوچستان کے امن، ترقی اور عوام کے بلند حوصلوں کو کسی صورت کمزور نہیں کر سکتیں

بقیہ 19
سیکیورٹی پلان کا جائزہ لیا گیا جبکہ جلوسوں کے روٹس پر سیکیورٹی انتظامات اور دیگر ضروری اقدامات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ جلوسوں کے دوران سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات یقینی بنائے جائیں۔ اجلاس میں جلوسوں کے منتظمین اور میلاد النبی ﷺ کے نمائندوں کو ہدایت کی گئی کہ پروگرامز اور مجالس کو مقررہ اوقات میں بروقت مکمل کیا جائے تاکہ سیکیورٹی اور ٹریفک کے انتظامات میں کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے۔ اجلاس میں پولیس افسران، میلاد النبی ﷺ کے نمائندوں اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اور 12 ربیع الاول کے موقع پر امن وامان اور سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات کو یقینی بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 20
مطالبات کی منظوری تک جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ عوام مہنگائی، بھاری ٹیکسوں اور بنیادی سہولتوں سے محرومی کا شکار ہیں جبکہ حکمران اپنی عیاشیوں اور مراعات میں مگن ہیں۔ عوام ٹیکس دیتے ہیں مگر حکمران عوام کی خدمت کے بجائے اپنی جیبیں بھرتے اور عوام کے پیسوں سے بننے والی سڑکوں اور اسپتالوں پر اپنے نام لکھواتے ہیں۔ ثمینہ سعید نے کہا کہ حکمرانوں نے پنجاب کو مسائل کی آماجگاہ بنادیا ہے، جنوبی پنجاب پانی کی شدید قلت کا شکار ہے جبکہ طلبہ، مزدور اور عام شہری مختلف شکلوں میں ناجائز وصولیوں اور استحصال کا سامنا کر رہے ہیں۔ حکمرانوں نے پاکستان کو اشرافیہ اور غرباء کے دو مختلف پاکستانوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ انہوں نے دوٹوک اعلان کیا کہ اگر اسلام آباد مارچ کا مرحلہ آیا تو خواتین اپنے بھائیوں کی بھرپور پشت پناہی کریں گی۔ عوام اب اپنے حقوق کا حساب مانگ رہے ہیں اور اپنے جائز مطالبات کی منظوری تک یہ جدوجہد جاری رہے گی

بقیہ 21
کش مزدور اپنے روزگار اور صوبے کی تعمیر وترقی کے لیے کام کر رہے تھے، انہیں نشانہ بنانا انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہے۔ معاون وزیر اعلیٰ نے شہید مزدوروں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے اور سوگوار خاندانوں کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے زخمی مزدوروں کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی۔ شاہد رند نے کہا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر بنائی جائیں گی۔ ریاستی ادارے عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے پوری طرح متحرک ہیں اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے دہشت گردی کے خلاف بے شمار قربانیاں دی ہیں اور صوبے میں امن وترقی کے سفر کو کسی صورت متاثر نہیں ہونے دیا جائے گا۔

بقیہ 22
حق سے بھی محروم کر دیا گیا ہے؛ صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ ایک شریف شہری صبح گھر سے نکلتے وقت یہ یقین نہیں کر سکتا کہ شام کو بحفاظت واپس لوٹے گا۔ صوبہ عملاً بدامنی، لاقانونیت اور عدم تحفظ کی لپیٹ میں ہے، بین الصوبائی شاہراہیں اور اہم قومی وعلاقائی گزرگاہیں سنسان اور غیر محفوظ ہو چکی ہیں، جبکہ جرائم پیشہ عناصر اور دہشت گرد ریاستی رٹ کو کھلے عام چیلنج کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو اس تباہ کن صورتحال تک پہنچانے میں سرینا ہوٹل کے منصوبہ سازوں اور ان کے پس پردہ قوتوں کا کردار بھی تاریخ کے کٹہرے میں کھڑا ہے؛ یہ وہ منصوبہ ساز ہیں جو ہر دور میں بلوچستان کے سیاسی، جمہوری اور عوامی اختیار کو کمزور کر کے صوبے کو محرومی، بدامنی اور انتشار کی طرف دھکیلنے کی پالیسیوں کا حصہ رہے ہیں۔ محلاتی سازشوں، اقتدار کے غیر شفاف بندوبست اور عوامی مینڈیٹ کو نظرانداز کرنے کی روش نے بلوچستان میں حکومتی رٹ کو کمزور، سیاسی اداروں کو بے وقار اور عوام کے اعتماد کو مجروح کیا ہے۔ آج صوبہ جس شورش، بے یقینی اور خوف کی کیفیت سے گزر رہا ہے، وہ اچانک پیدا نہیں ہوئی بلکہ برسوں کی غلط پالیسیوں، سیاسی انجینئرنگ، غیر مؤثر حکمرانی اور عوامی حقوق سے مسلسل انحراف کا نتیجہ ہے۔ افسوسناک امر یہ ہے کہ جس انفراسٹرکچر اور ترقیاتی بنیاد کو گزشتہ ادوار میں بڑی محنت سے تعمیر کیا گیا تھا، بدامنی اور تخریب کاری نے اسے بھی شدید نقصان پہنچایا، اور بلوچستان کو دوبارہ نوے کی دہائی جیسے تاریک، پرتشدد اور غیر یقینی دور کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرینا ہوٹل میں بیٹھ کر بلوچستان کے مستقبل کے فیصلے کرنے والے منصوبہ سازوں کو سمجھنا ہوگا کہ صوبہ کسی محلاتی تجربہ گاہ کا نام نہیں، یہاں لاکھوں انسان بستے ہیں جنہیں امن، عزت، روزگار، انصاف اور سیاسی اختیار کا حق حاصل ہے۔

بقیہ 23
آئی تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ہونے والی بارش کے باعث سیوی شہر کے مختلف مقامات پر پانی جمع ہو گیا تھا، جس پر میونسپل کمیٹی کے صفائی عملے نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مشینری اور دستی عملے کی مدد سے بارشی پانی نکالنے کے ساتھ ساتھ متاثرہ مقامات پر صفائی بھی کی۔ میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں نے مختلف شاہراہوں، گلیوں اور عوامی مقامات کا دورہ کر کے نکاسی آب کے مسائل کا جائزہ لیا اور فوری طور پر صفائی کا کام شروع کیا۔ چیئرمین میونسپل کمیٹی سیوی سردار محمد خان نچگ کی خصوصی ہدایات پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سیوی محمد قیوم دہپال کی نگرانی میں جاری ہے۔ میونسپل حکام کے مطابق بارش کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال سے نمٹنے اور شہریوں کو مشکلات سے بچانے کے لیے صفائی عملہ متحرک ہے جبکہ شہر کے اہم مقامات پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی سیوی سردار محمد خان نچگ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی فنڈز کی بندش کے باوجود شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ربیع الاول کے سلسلے میں شہر کی اہم شاہراہوں، مساجد اور جلوس کے روٹس سمیت دیگر عوامی مقامات پر صفائی کا عمل ہر صورت جاری رکھا جائے گا تاکہ شہریوں اور عقیدت مندوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ بارش کے بعد شہر میں صفائی اور نکاسی آب کی صورتحال پر خصوصی نظر رکھی جا رہی ہے اور جہاں بھی پانی جمع ہونے یا صفائی کا مسئلہ سامنے آئے گا وہاں فوری کارروائی کی جائے گی۔ میونسپل کمیٹی کے محدود وسائل کے باوجود شہر کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے

بقیہ 24
خیال کیا گیا۔ واضح رہے کہ گزشتہ دنوں ملک میر اکرم بنگلزئی نے پاکستان پیپلز پارٹی سے مستعفی ہونے کا اعلان کیا تھا۔ حاجی علی مدد جتک نے ملاقات کے دوران میر اکرم بنگلزئی کے تحفظات تفصیل سے سنے اور انہیں دور کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون اور یقین دہانی کرائی۔ حاجی علی مدد جتک کی یقین دہانی اور مثبت پیش رفت کے بعد ملک میر اکرم بنگلزئی نے اپنے تحفظات دور ہونے پر پاکستان پیپلز پارٹی سے اپنا استعفیٰ واپس لینے کا اعلان کر دیا۔ اس موقع پر ملک میر اکرم بنگلزئی نے کہا کہ بلوچستان میں حاجی علی مدد جتک جیسے حقیقی عوامی رہنما کی موجودگی عوام اور پارٹی کارکنوں کے لیے امید کی کرن ہے۔ انہوں نے کہا کہ حاجی علی مدد جتک عوامی مسائل کے حل اور پارٹی کارکنوں کے ساتھ ہر مشکل وقت میں ثابت قدمی سے کھڑے رہتے ہیں۔ ملاقات کے اختتام پر دونوں رہنماؤں نے پارٹی کے استحکام، باہمی رابطوں کے فروغ اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مل کر کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 25
کمشنر انجینئر عائشہ زہری کی خصوصی احکامات اور اسسٹنٹ کمشنر اسد سمالانی کے زیر نگرانی تحصیلدار نچرل اسٹورز قصائیوں، پھل وسبزی فروشوں، دودھ فروشوں اور نانبائیوں کی دکانوں کا معائنہ کیا گیا اشیاء خورد ونوش کی قیمتوں، معیار اور صفائی کی صورتحال کا بغور جائزہ لیا گیا پرائس کنٹرول کمیٹی نے دکانداران پر واضح کیا کہ گرانفروشی اور سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کسی صورت قبول نہیں کی جائیگی۔

بقیہ 26
ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنا رہی ہیں، جو دہشت گردوں کی بزدلی اور سفاکیت کا واضح ثبوت ہے۔ نہتے مزدوروں کو نشانہ بنانے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کے بعد صوبائی حکومت نے تمام متعلقہ سیکیورٹی اداروں اور فورسز کو الرٹ کر دیا ہے، جبکہ سیکیورٹی فورسز دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کر رہی ہیں اور ملوث عناصر کا تعاقب جاری ہے۔ معاون برائے داخلہ نے کہا کہ واقعے میں ملوث دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ریاست اپنے شہریوں کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھائے گی۔ بابر یوسفزئی نے شہید مزدوروں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت غم کی اس گھڑی میں شہید مزدوروں کے خاندانوں کے ساتھ برابر کی شریک ہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ شہداء کو بلند درجات اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 27
فلسطین کی وزارت صحت نے بتایا کہ اسرائیلی فوج نے غزہ کی پٹی میں اتوار کو دو مختلف علاقوں میں فضائی کارروائی کی اور ایک بچے سمیت دو افراد شہید ہوئے۔ شہریوں نے بتایا کہ غزہ کے وسطی علاقے زاوائیدا میں ایک عمارت کو نشانہ بنایا گیا اور اسرائیلی فوج کی جانب سے عمارت کے مالکان کو علاقے سے چلے جانے کے لیے وارننگ جاری کی گئی۔ وزارت صحت کے عہدیداروں نے بتایا کہ اسرائیلی بمباری کے نتیجے میں عمارت سے ملبہ کئی میٹر دور تک پھیل گیا، جس سے 6 افراد زخمی ہوئے اور انہیں اسپتال منتقل کیا گیا جہاں 4 سالہ بچہ محمد عبدالسلام طحہ دم توڑ گئے۔

بقیہ 28
جاری ترقیاتی منصوبوں پر گفتگو کی گئی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف سے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں مشیر وزیراعظم رانا ثناءاللہ، وفاقی وزراء احمد اورنگزیب، اعظم نذیر تارڑ، احد خان چیمہ، شزہ فاطمہ خواجہ اور علی پرویز ملک بھی شریک تھے۔ ملاقات میں صوبہ سندھ کے امور اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور سیاسی معاملات پر بھی گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں سیاسی رواداری اور مشاورت قائم رکھنے پر اتفاق ہوا۔

بقیہ 29
قانون سازی کر رہی ہے اس کے لیے مضبوط اپوزیشن اتحاد بنایا ہے۔ جے یو آئی کے سربراہ نے کہا کہ اپوزیشن اتحاد اسمبلی کے اندر ہی ہوگا۔

بقیہ 30
ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بندرگاہ کے ساتھ سڑکوں کا مربوط نظام، بجلی و پانی کی فراہمی، صنعتی ڈھانچہ اور دیگر ضروری سہولیات بھی یقینی بنانا ہوں گی۔ صدر مملکت نے یہ ہدایات چائنا ہاربر انجینئرنگ کمپنی کی جانب سے کیٹی بندر پورٹ کی مجوزہ ترقی کے حوالے سے دی جانے والی بریفنگ کے دوران دیں۔ انہوں نے چینی وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے پاکستان کے بنیادی ڈھانچے اور بحری شعبے کی ترقی میں چین کی مسلسل دلچسپی کو سراہا۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ کیٹی بندر پاکستان کے بندرگاہی اور لاجسٹکس نیٹ ورک میں ایک اضافی بحری دروازے کے طور پر اہم صلاحیت رکھتا ہے، جس سے ملک میں رابطوں اور تجارتی سرگرمیوں کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے چینی حکام اور متعلقہ پاکستانی اداروں کے درمیان مضبوط تکنیکی رابطہ کاری کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ صدر مملکت نے منصوبے میں ماحولیاتی تحفظ کو بنیادی اہمیت دینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ دریائے سندھ کے ڈیلٹا کے حساس ماحولیاتی نظام کے تحفظ کے ساتھ ساتھ مقامی ماہی گیر برادری کے مفادات اور روزگار کو بھی مدنظر رکھا جائے۔ انہوں نے کیٹی بندر پورٹ کے ماسٹر پلان کو مزید بہتر بنانے کے لیے تکنیکی مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے کی بھی ہدایت کی

بقیہ 31
بھیج دی۔ فہرست میں بیرسٹر گوہر خان، سلمان اکرم راجہ اور خالد یوسف چودھری کے نام شامل ہیں، نیاز اللہ نیازی، نعیم پنجوتھہ اور فتح اللہ برکی کے نام بھی فہرست میں شامل ہیں۔ بانی پی ٹی آئی کی بہنیں بھی ملاقات کے لیے اڈیالہ جیل آئیں گی، ملاقات کے لیے بشریٰ بی بی کی فیملی کی بھی اڈیالہ جیل آمد متوقع ہے۔

بقیہ 32
ہوئے کہا ہے کہ بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کا اعتراف خوش آئند ہے، اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل، وزیر خزانہ اور تمام متعلقہ وزرا و حکام اس امر کیلئے لائق تحسین ہیں۔ اپنے بیان میں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے موڈیز کی جانب سے پاکستان کی خودمختار کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری کا خیرمقدم کرتے ہوئے حکومتی معاشی ٹیم کی کاوشوں کی پذیرائی۔ وزیراعظم نے کہا کہ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور تمام متعلقہ وزرا و حکام اس امر کیلئے لائق تحسین ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ میں بہتری حکومت کی معاشی پالیسیوں اور اصلاحات پر عالمی اعتماد کا مظہر ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ بین الاقوامی مالیاتی اداروں اور ریٹنگ ایجنسیوں کی جانب سے پاکستان کی معاشی صورتحال میں بہتری کا اعتراف خوش آئند ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کی معیشت استحکام کی جانب گامزن ہے، بین الاقوامی اداروں کی جانب سے ریٹنگ میں بہتری اس کا واضح ثبوت ہے۔

بقیہ 33
موجود تھے۔ اس کے علاوہ اے آئی جی (لیگل) شفیق الرحمان، دفتر انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان، اور کمیشن کے رجسٹرار/ بھی کارروائی میں شریک ہوئے۔ کمیشن کے 18 اگست 2026 کے حکم کی تعمیل میں ایڈووکیٹ جنرل بلوچستان عبداللطیف کاکڑ، اے آئی جی (لیگل) شفیق الرحمان کے ہمراہ کمیشن کے روبرو پیش ہوئے اور انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان کی جانب سے جامع رپورٹ پیش کی۔ کمیشن نے جامع رپورٹ کا کھلی عدالت میں جائزہ لیا، اور رپورٹ کوئی ادوار کے تقاضوں اور سوالات کے مطابق نہ ہونے اور ہدایت کے مطابق تمام متعلقہ ریکارڈ پیش نہ کیے جانے پر اسے غیر تسلی بخش قرار دے دیا۔ مزید اگلی سماعت کے دن آئی جی پولیس بلوچستان کو محکمہ پولیس اور اس کے ذیلی محکمہ جات کی جانب سے نئی جامع رپورٹ بمع تمام متعلقہ ریکارڈ ذاتی حیثیت میں پیش کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ اس بابت ایڈووکیٹ جنرل کو آئی جی پولیس کو اگلی سماعت پر ذاتی حیثیت میں پیش ہونے سے متعلق آگاہ کرنے کا حکم بھی دیا۔ سماعت کے دوران زیارت، ہرنائی، لورالائی اور ملحقہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے متعدد وکلاء نے کمیشن کے روبرو پیش ہوکر منگی ڈیم واقعے کے حقائق سامنے لانے کے لیے رضاکارانہ طور پر قانونی معاونت فراہم کرنے کی پیشکش کی۔ کمیشن کے سامنے پیش ہونے والے وکلاء میں شمس الرحمٰن کاکڑ، عبدالمصور، صادق خان، برخوردار خان اچکزئی اور حبیب اللہ خان ناصر ایڈووکیٹس بھی شامل تھے۔ وکلاء نے قانونی معاونت فراہم کرنے کا ارادہ ظاہر کیا تاکہ تحقیقات کو نتیجہ خیز انجام تک پہنچایا جا سکے اور واقعے کے تمام حقائق مکمل طور پر سامنے لائے جا سکیں۔ سماعت کے موقع پر شہید اہلکاروں میں سے ایک کے بھائی نسیم اللہ بھی متعدد دیگر شہداء کے ورثاء کے ہمراہ ذاتی طور پر کمیشن کے روبرو پیش ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ واقعے میں شہید ہونے والے اہلکاروں کے متعدد قانونی ورثاء اور دیگر متعلقہ افراد اپنے بیانات ریکارڈ کرانے اور دستیاب شواہد کمیشن کے سامنے پیش کرنے کے خواہشمند ہیں۔ نسیم اللہ نے مؤقف اختیار کیا کہ بیشتر لواحقین کا تعلق دور دراز علاقوں سے ہے، جس کے باعث وہ مقررہ مدت کے اندر کمیشن کے رجسٹرار/ سیکرٹری کے سامنے پیش ہو کر اپنے نام درج کرانے سے قاصر ہیں۔ انہوں نے رجسٹریشن اور ناموں کے اندراج کی آخری تاریخ 28 اگست 2026 میں مزید توسیع کی درخواست کی اور یقین دہانی کرائی کہ لواحقین مقررہ توسیع شدہ مدت کے دوران کمیشن کے رجسٹرار/ سیکرٹری کے دفتر میں اپنے نام درج کرائیں گے۔ کمیشن نے لواحقین کی درخواست، دور دراز علاقوں سے ان کے تعلق اور سفری مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے رجسٹریشن اور ناموں کے اندراج کی آخری تاریخ 28 اگست سے بڑھا کر 3 ستمبر 2026 تک کرنے کا حکم دے دیا۔ اس طرح لواحقین اور ممکنہ گواہوں کو اپنے نام درج کرانے اور کمیشن کے سامنے پیش ہونے کے لیے مزید وقت فراہم کر دیا گیا۔ دوران سماعت کمیشن کے رجسٹرار/ سیکرٹری نے بتایا کہ کمیشن کے 18 اگست 2026 کے حکم کی تعمیل میں 17 اگست 2026 کو جاری کیا گیا عوامی نوٹس 19 اگست کو معروف اردو اور انگریزی اخبارات کے صفحہ اول پر دوبارہ شائع کیا گیا۔ نوٹس شائع کرنے والے اخبارات میں روزنامہ جنگ کوئٹہ، روزنامہ مشرق کوئٹہ، باخبر کوئٹہ، بلوچستان ٹائمز کوئٹہ اور سینچری ایکسپریس کوئٹہ شامل ہیں۔ کمیشن کو بتایا گیا کہ ڈی جی پی آر کے ذریعے عوامی آگاہی کے لیے میڈیا مہم بھی چلائی گئی، جبکہ عوام کو کمیشن کی کارروائی اور رجسٹریشن کے عمل سے آگاہ کرنے کے لیے وال پوسٹرز اور دیگر تشہیری مواد بھی جاری کیا گیا۔ متعلقہ اخبارات میں شائع ہونے والے نوٹس اور دیگر مواد کی نقول بھی کمیشن کے ریکارڈ کا حصہ بنا دی گئی ہیں۔ دوسری جانب ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے متعلقہ حکام سے ضروری ہدایات حاصل کرنے کے لیے مزید وقت طلب کیا، جس پر کمیشن نے انہیں ایک اور موقع فراہم کر دیا۔ کمیشن آف انکوائری بلوچستان نے مزید کارروائی 27 اگست 2026 بروز جمعرات، دوپہر ایک بجے تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 34
ہیں، تمام سیاسی جماعتوں کو ملک، پارلیمان، آزاد عدلیہ اور الیکشن کمیشن کی مضبوطی کے ایجنڈے پر متحد ہونا چاہیے۔ پارلیمانی پارٹی اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ فی الحال ہمارا جوائنٹ اپوزیشن کا اتحاد صرف قومی اسمبلی کے فلور اور قانون سازی کی حد تک ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے لوگ آئے تھے، سیاسی جماعتوں کے درمیان باہمی رابطہ اور گفتگو کا سلسلہ قائم رہنا چاہیے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے اپوزیشن تحریکوں اور سیاسی امور کا تمام اختیار اسد قیصر اور علامہ راجہ ناصر عباس کو دے رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی کارکنان کو ہدایت کی ہے کہ کسی کے خلاف نعرے بازی نہ کریں، کارکنان گفتگو میں شائستگی کا دامن برقرار رکھیں۔

بقیہ 35
آؤٹ کر گئے۔ پارلیمنٹ کے ایوان بالا سینیٹ کا اجلاس ڈپٹی چیئرمین سیدال ناصر کی زیر صدارت ہوا، ایجنڈے پر کارروائی شروع ہوئی تو اپوزیشن لیڈر راجہ ناصر عباس نے بانی پی ٹی آئی کی صحت پر بات کرنا چاہی، جبکہ تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر بیرسٹر علی ظفر نے قرارداد لانا چاہی۔ قائد حزب اختلاف کو بات کرنے کی اجازت نہ دینے پر اپوزیشن کے اراکین اپنی نشستوں پر کھڑے ہو گئے اور نعرے بازی کی۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ جو معاملہ عدالت میں ہو اس پر ایوان میں بات نہیں کی جا سکتی۔ اس سے قبل سینیٹر علی ظفر نے مطالبہ کیا کہ بانی پی ٹی آئی کے علاج ومعالجہ کے معاملے پر تحریک پیش کرنے کی اجازت دی جائے

بقیہ 36
ہوئے کہا ہے کہ ایک بار پھر معصوم پاکستانیوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر شہید کیا گیا، دہشت گردوں نے انسانیت کی تمام حدیں پار کر دی ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ محنت کش مزدور اپنے بچوں کا پیٹ پالنے اور ملک وصوبے کی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے کام کر رہے تھے، انہیں نشانہ بنانا دہشت گردوں کی سفاک ذہنیت کا واضح ثبوت ہے۔ معصوم شہریوں اور محنت کش پاکستانیوں کا خون بہانے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد سمجھ لیں کہ معصوم پاکستانیوں کی شہادت ہمارے عزم کو کمزور نہیں بلکہ مزید مضبوط کرتی ہے۔ بلوچستان میں امن، ترقی اور عوام کے تحفظ کے لیے ریاستی ادارے پوری قوت کے ساتھ دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائی جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو چکی ہے، دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ بلوچستان میں معصوم شہریوں کے خون سے ہولی کھیلنے والوں کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ وزیر اعلیٰ نے شہید مزدوروں کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں حکومت شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے شہداء کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لیے صبر جمیل جبکہ زخمی مزدور کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔

بقیہ 37
بلوچستان کی لوک ثقافت، موسیقی اور صدیوں پر محیط لوک داستانوں کو جدید انداز میں نئی نسل تک منتقل کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے لوک داستان "دسمل" پر مبنی گیت کو نئے اور منفرد انداز میں پیش کرنے پر گلوکار عارف بگٹی کی کاوش کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ثقافت، روایات، لوک داستانیں اور موسیقی صوبے کے تاریخی وثقافتی تشخص کا اہم حصہ ہیں، جنہیں جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے مثبت انداز میں دنیا کے سامنے اجاگر کرنے کی ضرورت ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے فنکار اور گلوکار اپنی تخلیقی صلاحیتوں کے ذریعے صوبے کی ثقافت اور روایات کو مؤثر انداز میں اجاگر کر رہے ہیں۔ لوک داستانوں کو جدید موسیقی کے ذریعے مثبت انداز میں نئی نسل تک پہنچانا قابل تحسین اقدام ہے جس سے نوجوان نسل اپنے ثقافتی ورثے سے مزید جڑ سکتی ہے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت بلوچستان فنون لطیفہ، ثقافت اور تخلیقی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے اقدامات کر رہی ہے

بقیہ 38
مطابق ایران کے میزائل اور ڈرون حملوں نے خطے میں قائم امریکی فوجی اڈوں کی کمزوری واضح کر دی ہے۔ اخبار کے مطابق امریکا گزشتہ تقریباً چار دہائیوں سے خلیجی ممالک میں پھیلے بڑے فوجی اڈوں کے نیٹ ورک کے ذریعے مشرق وسطیٰ میں اپنی فوجی موجودگی برقرار رکھے ہوئے ہے تاہم حالیہ جنگ کے دوران ایران نے امریکی تنصیبات کو مختصر فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں اور ڈرونز سے نشانہ بنایا۔ رپورٹ کے مطابق ایرانی حملوں نے یہ حقیقت نمایاں کر دی کہ ایرانی ساحلوں کے قریب موجود بڑے امریکی اڈے جدید میزائل اور ڈرون خطرات کے مقابلے میں کس حد تک غیر محفوظ ہیں۔ ایرانی حملوں کے دباؤ کے باعث امریکا نے اپنی کچھ افواج اور جنگی طیاروں کو اسرائیل، اردن اور دیگر نسبتاً محفوظ اور دور دراز مقامات پر منتقل کیا

بقیہ 39
ربیع الاول کو سیرت کانفرنسز، ستمبر کے پہلے ہفتے میں ہڑتال ہوگی، جماعت اسلامی کی جدوجہد کسی ذاتی یا سیاسی مفاد کے لیے نہیں بلکہ عوام کو نااہل حکمران طبقے کے بوجھ سے نجات دلانے کے لیے ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزیر اعلیٰ ہاؤس لاہور کے باہر دھرنے کے نویں روز پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ قائم مقام سیکرٹری جنرل نذیر احمد جنجوعہ، امیر لاہور ضیاءالدین انصاری، امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ جماعت اسلامی آج رات احتجاج کے آئندہ اور اہم لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی فوری ختم کرے اور جماعت اسلامی کے مطالبات تسلیم کرے۔ جماعت اسلامی کے احتجاج کے دباؤ کے نتیجے میں حکومت نے ڈیزل کی قیمت میں 32 روپے کمی کی، لیکن اس کا فائدہ بھی عوام تک نہیں پہنچا۔ کمپنیوں کی جانب سے مقامی تیل بھی درآمد شدہ تیل کی قیمت پر فروخت کیا جا رہا ہے۔ حکومت فی لیٹر پٹرول پر عوام کی جیبوں سے بھاری رقم وصول کر رہی ہے۔ آج طالب علم بھی ایک لیٹر پٹرول پر 80 روپے تک کا بوجھ برداشت کر رہے ہیں۔ پٹرولیم لیوی کا پٹرولیم مصنوعات کی اصل قیمت سے کوئی تعلق نہیں، یہ بھتہ ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت نے خود تسلیم کیا ہے کہ جماعت اسلامی کے دھرنے کے نتیجے میں قومی خزانے کو اربوں روپے کا فائدہ ہوا۔ احتجاج جماعت اسلامی کی انا کا مسئلہ نہیں، وہ صرف عوام کو ریلیف دلانا چاہتے ہیں۔ آئی پی پیز کے ناجائز معاہدے ختم کیے جائیں۔

بقیہ 40
اکثر مزدور اپنے خاندان کے واحد کفیل ہوتے ہیں اس لیے کسی مزدور کے جاں بحق ہونے سے پورا خاندان شدید مشکلات کا شکار ہو جاتا ہے۔ گورنر مندوخیل نے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر زور دیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں۔ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے سوگوار خاندانوں سے اظہار تعزیت اور ہمدردی کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

بقیہ 41
باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں تقریباً 3 فیصد کمی ہوگئی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی مارکیٹ میں کاروبار کے دوران برینٹ خام تیل کے ستمبر کے سودے 3.20 ڈالر سے 3.27 فیصد تک کمی کے بعد 94.61 ڈالر فی بیرل پر آ گئے۔ اسی طرح امریکی خام تیل ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ کی قیمت بھی 3.71 ڈالر یا 3.86 فیصد کم ہوکر 92.31 ڈالر فی بیرل ہوگئی اور دن بھر قیمت میں کمی کا رجحان غالب رہا جسے سرمایہ کاروں نے مثبت قرار دیا۔

بقیہ 42
ویڈیو قرار دیدیا۔ وزارت اطلاعات ونشریات کی جانب سے سوشل میڈیا پر خواجہ آصف کی گردش کرنے والی ویڈیو سے متعلق ایک وضاحت جاری کی گئی ہے جس میں اس ویڈیو کو جعلی اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) سے تیار ویڈیو قرار دیا گیا ہے۔ وزارت اطلاعات نے سوشل میڈیا پر ویڈیو پوسٹ کرتے ہوئے اس پر درج کیا کہ یہ جھوٹ: یہ اے آئی سے بنائی گئی ویڈیو ہے، وزیر دفاع خواجہ آصف نے اس قسم کا کوئی بیان نہیں دیا۔ وزارت اطلاعات کی جانب سے خبروں کو شیئر کرنے سے پہلے ان کے آفیشل تصدیق کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 43
ملاقات ہوئی جس میں مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ وزیر داخلہ محسن نقوی بھی ہیں۔ تہران میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقات ہوئی ہے جس میں وزیر داخلہ محسن نقوی بھی شریک تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل اپنے دورے کے دوران مشرق وسطیٰ میں جاری تنازع کے حل کی کوششوں کے فروغ پر توجہ مرکوز رکھیں گے۔

بقیہ 44
کیا۔ اجلاس میں بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی کارکردگی، نگرانی کے نظام، جرائم کی روک تھام اور ادارے کی استعداد کار میں اضافے سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے اجلاس کو بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی کارکردگی اور مختلف اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سیف سٹی کے مؤثر نگرانی کے نظام کے ذریعے ملک بھر سے چوری شدہ 138 گاڑیوں کی نشاندہی کی گئی، جبکہ 9 مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی کے نتیجے میں دہشت گردی کی بڑی کارروائیوں کو ناکام بنانے میں مدد ملی اجلاس کو بتایا گیا کہ بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی نے مختلف جرائم کے مقامات سے متعلق پولیس کو 631 اہم شواہد فراہم کیے، جن کی مدد سے جرائم کی تحقیقات اور ملزمان تک پہنچنے کے عمل کو مؤثر بنانے میں معاونت حاصل ہوئی۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ 15 مددگار ایمرجنسی رسپانس سروس کو سی ٹی ڈی سے منسوب کر دیا گیا ہے، جس سے ہنگامی حالات میں رسپانس اور متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ مزید مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے سیف سٹی اتھارٹی کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے جرائم کی روک تھام کے عمل کو مزید تیز کیا جائے اور نگرانی کے نظام کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سیف سٹی نظام کو مزید مستحکم اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ جرائم اور مشکوک سرگرمیوں کی بروقت نشاندہی سے پولیس کی کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہریوں کے تحفظ کے لیے جدید نگرانی کے نظام کو صوبے کے مزید علاقوں تک وسعت دی جائے گی، جبکہ بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی استعداد کار بڑھانے کے لیے پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے تجربات اور مہارت سے استفادہ کیا جائے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان سیف سٹی اتھارٹی کی استعداد کار میں مزید اضافے کے لیے چیف منسٹر پنجاب کو مراسلہ ارسال کیا جائے گا، جس میں پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے تجربات، تکنیکی معاونت اور استعداد کار میں بہتری کے لیے تعاون کی درخواست کی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت بلوچستان امن و امان کے لیے جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر رسپانس میکنزم کو مزید مضبوط بنا رہی ہے۔ جدید نگرانی کے نظام، بروقت اطلاعات اور مؤثر رسپانس کے ذریعے جرائم کی روک تھام کے ساتھ ساتھ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ مزید یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ سیف سٹی اتھارٹی کی استعداد کار میں اضافے، جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال اور نگرانی کے نظام کو مزید بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات تیز کیے جائیں، تاکہ صوبے میں امن وامان کے قیام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے دستیاب وسائل سے بھرپور استفادہ کیا جا سکے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں جدید ٹیکنالوجی پر مبنی سیکیورٹی اور نگرانی کے نظام کو مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے اور حکومت اس مقصد کے لیے تمام ضروری وسائل بروئے کار لائے گی۔

بقیہ 45
خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح سے ٹیلیفونک رابطہ کیا جس میں دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور کویت کے درمیان قریبی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے کہا کہ امن اور استحکام کے حصول کے لیے بات چیت اور سفارت کاری ہی واحد راستہ ہے۔ دونوں وزرائے خارجہ نے باہمی تعاون اور رابطوں کو مزید فروغ دینے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔

بقیہ 46
کے لیے مستحکم پیش منظر برقرار رکھا ہے، موڈیز نے اس فیصلے کی وجہ حکمرانی کے نظام میں مزید بہتری کی توقعات اور بیرونی و مالیاتی خطرات میں کمی کو قرار دیا ہے۔ موڈیز کے مطابق آئی ایم ایف کے تعاون سے جاری اصلاحات کے پروگرام پر مسلسل عمل درآمد سے پالیسیوں کی ساکھ مضبوط ہوئی ہے، معاشی استحکام برقرار رہا ہے اور سرکاری و بین الاقوامی مالیاتی اداروں سے فنڈنگ کی راہ ہموار ہوئی ہے۔ موڈیز کی جانب سے پیر کو جاری بیان کے مطابق پاکستان کی ریٹنگ کو بی تھری تک اپ گریڈ کرنے کا فیصلہ اس توقع کی عکاسی کر رہا ہے کہ حکمرانی اور پالیسی سازی میں بہتری کے باعث حکومت ملک کے بیرونی شعبے میں حالیہ بہتری کو برقرار رکھنے اور مالیاتی اشاریوں کو مزید مستحکم بنانے میں کامیاب رہے گی۔ موڈیز کے مطابق اگست 2025 میں پاکستان کی ریٹنگ سی اے اے ون مقرر کیے جانے کے بعد سے ملک کو درپیش بیرونی کمزوریوں کے خطرات میں مزید کمی آئی ہے، زرمبادلہ کے ذخائر میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جسے معاشی استحکام کے تسلسل سے تقویت ملی ہے۔ دوسری جانب شرح سود میں کمی کے باعث ملکی سطح پر قرض لینے کی لاگت میں کمی اور مالیاتی صورتحال میں بہتری نے پاکستان کی قرضوں کی ادائیگی کی صلاحیت میں نمایاں بہتری پیدا کی ہے، پاکستان کی کریڈٹ پروفائل میں بہتری اس بات کا بھی ثبوت ہے کہ ملکی معیشت گزشتہ ادوار کے مقابلے میں بیرونی جھٹکوں جس میں جاری مشرق وسطیٰ تنازع بھی شامل ہے کا مقابلہ کرنے کی زیادہ صلاحیت پیدا کر رہی ہے تاہم موڈیز نے خبردار کیا کہ اس مثبت پیش رفت کے باوجود پاکستان کی کریڈٹ پروفائل اب بھی بعض بنیادی کمزوریوں کا شکار ہے۔ موڈیز کے مطابق مستحکم آؤٹ لک ایک جانب پاکستان کے بنیادی کریڈٹ اشاریوں میں توقع سے زیادہ تیز بہتری کے امکانات اور دوسری جانب موجودہ خطرات کے درمیان توازن کی عکاسی کر رہا ہے، اگر یہ خطرات شدت اختیار کرتے ہیں تو پاکستان کے لیے غیر ملکی کرنسی میں مالی وسائل تک رسائی متاثر ہو سکتی ہے اور حکومت کی مالیاتی گنجائش مزید محدود ہو سکتی ہے۔ موڈیز کے مطابق سی اے اے ون سے بی تھری تک اپ گریڈ کا اطلاق پاکستان گلوبل سکوک پروگرام کمپنی لمیٹڈ کی حکومت کی ضمانت یافتہ غیر ملکی کرنسی میں غیر محفوظ ریٹنگ پر بھی ہوگا۔ اس پروگرام کے تحت ادائیگی کی ذمہ داریاں براہ راست حکومت پاکستان کی ذمہ داری ہیں جبکہ پاکستان گلوبل سکوک پروگرام کا آؤٹ لک بھی مستحکم برقرار رکھا گیا ہے اسی فیصلے کے ساتھ موڈیز نے پاکستان کی مقامی اور غیر ملکی کرنسی کی کنٹری سیلنگز بھی بالترتیب بی ٹو اور سی اے اے ون سے بڑھا کر بی ون اور بی تھری کر دی ہیں۔ موڈیز کے مطابق مقامی کرنسی کی کنٹری سیلنگ اور پاکستان کی خودمختار ریٹنگ کے درمیان دو درجوں کا فرق ملکی معیشت میں حکومت کے نسبتاً بڑے کردار، کمزور ادارہ جاتی ڈھانچے اور سیاسی و بیرونی خطرات کی بلند سطح کی عکاسی کرتا ہے

بقیہ 47
کہا کہ سسٹم کے بارے میں بہتر فیصلہ عوام ہی کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشی حالات پہلے بہت خراب ہو چکے تھے لیکن اب بہتری کی جانب بڑھ رہی ہیں۔ اسپیکر قومی ایاز صادق نے کہا کہ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی کاوشوں سے معاشی صورتحال میں بہتری آ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت سے جنگ جیتی، پھر ایران امریکا ثالثی کروائی جس سے پاکستان کی عزت بڑھی۔ پوری دنیا پاکستان کے ثالثی کے کردار کو تسلیم کرتی ہے۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ بطور کسٹوڈین آف دی ہاؤس میری ذمہ داری ہے کہ محنت کرنے والوں کی محنت ضائع نہ ہو۔

بقیہ 48
میں روڈ کی تعمیر کرنے والے مزدوروں پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں 5 مزدور جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس نے نعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا جاں بحق ہونے والے مزدوروں کا تعلق پنجاب سے بتایا جاتا ہے۔ پولیس کے مطابق نامعلوم مسلح افراد نے روڈ کی تعمیر میں مصروف مشینری کو بھی فائرنگ کا نشانہ بنایا۔ واقعہ کے بعد پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے میں کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ 49
فضل الرحمٰن سے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال، موجودہ ملکی حالات اور سیاسی منظر نامے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ رہنماؤں نے موجودہ سیاسی صورتحال، ملک کو درپیش چیلنجز، عوامی مسائل اور سیاسی و جمہوری معاملات پر اپنی آرا کا اظہار کیا۔ اس موقع پر موجودہ حالات میں سیاسی جماعتوں کے درمیان رابطوں اور باہمی مشاورت کو مزید مؤثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ ملاقات میں آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کے مؤثر کردار، جمہوری اقدار کے تحفظ اور ملک میں سیاسی استحکام کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 50
سے 60 کلومیٹر دور گوران کے مقام پر تربت جانے والی ایک کار دوسری گاڑی سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں 4 خواتین سمیت 5 افراد موقع پر ہی جاں بحق جبکہ 2 بچے زخمی ہو گئے جاں بحق ہونے والوں کا تعلق پروم سے بتایا جاتا ہے ریسکیو ٹیموں نے حادثے کے بعد نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئیں۔

بقیہ 51
دوران روسی ای کامرس کمپنی اوزون کے متعدد لاجسٹک مراکز کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ روسی وزارت دفاع کے مطابق رات بھر روس کے مختلف علاقوں کے علاوہ بحیرہ اسود اور بحیرہ آزوف کے اوپر 351 فکسڈ ونگ یوکرینی ڈرونز کو فضائی دفاعی نظام نے روک کر تباہ کیا۔ ڈرونز کو استراخان، بیلگورود، بریانسک، کرسک اور روستوف ریجنز، کراسنودار اور ستاوروپول کے علاقوں، جمہوریہ ادیگیا اور کریمیا سمیت بحیرہ اسود اور بحیرہ آزوف کے اوپر مار گرایا گیا۔ روستوف ریجن کے گورنر یوری سلیوسر کے مطابق روسی فضائی دفاع نے رات کے دوران علاقے کے چار شہروں اور 14 اضلاع میں 120 یوکرینی ڈرونز اور متعدد کروز میزائل تباہ کیے۔ کراسنودار میں ڈرون کا ملبہ بچوں کی ایک نجی تعصیب پر گرنے سے تین بچے ہلاک اور سات زخمی ہو گئے، علاقائی گورنر وینیامین کوندراتیف کے مطابق زخمی بچوں کو ضروری طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے، جبکہ دو بالغ افراد کو بھی ہسپتال منتقل کیا گیا۔ حملوں کے دوران روس کی بڑی ای کامرس کمپنی اوزون کے مختلف لاجسٹک مراکز بھی متاثر ہوئے۔ جمہوریہ ادیگیا میں اوزون کے ایک لاجسٹک مرکز پر ڈرون حملے کے بعد گودام میں آگ بھڑک اٹھی

بقیہ 52
ذرائع نے کہا کہ امریکا کی جانب سے بنیادی طور پر یہ درخواست کی گئی تھی کہ پاکستان اپنا اثر ورسوخ استعمال کرتے ہوئے ایران کو دوبارہ مذاکرات کی میز پر لائے۔ خبر رساں ایجنسی کے مطابق 2 پاکستانی ذرائع کے مطابق گزشتہ ہفتے ہونے والا یہ رابطہ صدر ٹرمپ کی جانب سے کیا گیا تھا۔ رائٹرز کے مطابق وائٹ ہاؤس کے پریس سیکرٹری کے دفتر نے اس خبر پر تبصرہ کرنے کی درخواست کا فوری طور پر کوئی جواب نہیں دیا اور فی الحال یہ واضح نہیں ہو سکا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر اور صدر ٹرمپ کے درمیان کن امور پر بات چیت ہوئی۔ خیال رہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر دورہ ایران پر تہران پہنچے ہیں، تہران میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ایران کے وزیر داخلہ اسکندر مومنی سے ملاقات بھی ہوئی، ملاقات میں وزیر داخلہ محسن نقوی بھی شریک تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر علاقائی امن و استحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کی کوششوں کے سلسلے میں ایران پہنچے ہیں۔

بقیہ 53
میڈیا پر نجی ٹی وی کے ایک پروگرام کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے لکھا کہ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے مثبت اور صحت مند بحث کا آغاز ایک خوش آئند پیشرفت ہے، تمام سیاسی جماعتوں اور عوام کو نئے صوبوں کے معاملے پر ہونے والی بحث کا حصہ بننا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کی تشکیل جیسے اہم فیصلوں پر اتفاق رائے پیدا کرنا انتہائی ضروری ہے، یہ ایسا فیصلہ نہیں جسے کسی پر زبردستی مسلط کر دیا جائے، یہ معاملہ پارلیمنٹ سے متعلق ہے، اس لیے پارلیمنٹ میں بھی اس پر سیر حاصل بحث ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے مفادات سے بالاتر ہو کر صرف پاکستان اور اس کے عوام کے مفادات کو مدنظر رکھنا چاہیے، اہم قومی اور انتظامی معاملات پر سیاست سے بالاتر ہو کر بحث ہونی چاہیے۔ طارق فضل چوہدری نے لکھا کہ بھارت نے 1950 میں صوبوں سے متعلق ایک کمیشن تشکیل دیا اور اس حوالے سے فیصلے کیے، بھارتی پنجاب سے مزید 3 صوبے، ہماچل پردیش، ہریانہ اور پنجاب وجود میں آئے

بقیہ 54
گے۔ اسی روز کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کے بعد انتخابی عمل مکمل کیا جائے گا۔ دوسری جانب مسلم لیگ (ن) نے اسمبلی میں عددی برتری کے باعث اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے لیے اپنے امیدوار بھی نامزد کر دیے ہیں۔

بقیہ 55
نے ہدایت کی ہے کہ رہنما اس معاملے پر کوئی موقف اختیار کرنے سے گریز کریں اور پارٹی کی حتمی پالیسی کا انتظار کریں۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) نئے صوبوں کے معاملے پر اپنی پالیسی مشاورت کے بعد سامنے لائے گی تاہم اس وقت تک پارٹی رہنماؤں کو اس حساس موضوع پر محتاط رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نواز شریف کی جانب سے رہنماؤں کو بیان بازی سے روکنے کا مقصد پارٹی کے اندر مشاورت مکمل ہونے تک کسی ممکنہ اختلاف یا ابہام سے بچنا ہے۔

بقیہ 56
حکومتی اقدامات، ترقیاتی سرگرمیوں، عوامی مسائل اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں بالخصوص کوئٹہ میں عوامی فلاح وبہبود کے منصوبوں اور عوام کو درپیش مسائل پر گفتگو ہوئی۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ حکومت کے ترقیاتی منصوبوں، عوامی سہولیات اور فلاحی اقدامات کو محکمہ اطلاعات کے ذریعے مؤثر انداز میں عوام تک پہنچانے کے لئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا۔ میر لیاقت علی لہڑی نے کہا کہ عوام کو حکومتی اقدامات اور عوامی خدمت کے منصوبوں سے بروقت آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے کہا کہ محکمہ اطلاعات حکومت اور عوام کے درمیان رابطے کا اہم ذریعہ ہے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات کو ذمہ دارانہ اور مؤثر انداز میں اجاگر کیا جائے گا۔

بقیہ 57
الاٹ کر دیا گیا۔ چیف کمشنر اسلام آباد کی نظرثانی درخواست سپریم کورٹ میں سماعت کیلئے مقرر کرنے کا عمل شروع ہو گیا۔ نظرثانی درخواست کب مقرر ہوگی؟ فیصلہ چیف جسٹس آف پاکستان کریں گے۔ یاد رہے کہ وفاقی حکومت نے عمران خان کو شفا ہسپتال منتقل کرنے کے فیصلے کے خلاف نظرثانی اپیل دائر کی تھی اور جلد سماعت کیلئے ایک اور اپیل بھی دائر کی گئی

بقیہ 58
نے شدید تباہی مچا رکھی ہے۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے مطابق 26 جون سے اب تک بارشوں، لینڈ سلائیڈنگ اور سیلاب سے ہونے والے حادثات میں اب تک 166 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ اس عرصے کے دوران مختلف حادثات میں 500 افراد زخمی ہو گئے۔ رپورٹ کے مطابق 26 جون سے شروع ہونے والے مون سون سیزن کے دوران اب تک سیکڑوں مکانات کو نقصان پہنچا ہے

بقیہ 59
کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے مشترکہ ایجنڈے کے تحت حکومت تشکیل دی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اتحادی جماعتیں باہمی افہام وتفہیم اور ایک دوسرے کے احترام کے ساتھ درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف سے متعلق سوال کے جواب میں اختیار ولی خان نے کہا کہ جب مسلم لیگ (ن) نے حکومت تشکیل دی تو اسے متعدد مشکلات کا سامنا تھا، تاہم اس نے ان چیلنجز پر قابو پایا اور مستقبل میں بھی کسی بھی چیلنج کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہے

بقیہ 60
سرکلر ڈیٹ میں گیس کے شعبے کا حصہ بجلی کے شعبے سے نمایاں زیادہ ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق پاکستان کا توانائی کا شعبہ بدستور مالی دباؤ کا شکار ہے، عالمی مالیاتی ادارے کی جانب سے اس شعبے میں مالی استحکام کے لیے اصلاحات تیز کرنے پر زور دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق توانائی کے شعبے میں بروقت ٹیرف ایڈجسٹمنٹ سرکلر ڈیٹ روکنے کے لیے ضروری ہے، علاوہ ازیں اس شعبے کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے نقصانات میں کمی بھی ضروری قرار دی گئی ہے۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے مطابق بجلی شعبے میں سرکلر ڈیٹ کے بہاؤ کو کم کرنا پاکستان کے لیے اہم چیلنج ہے، اسی طرح آئی ایم ایف نے گیس کے شعبے میں لاگت کے مطابق ٹیرف ایڈجسٹمنٹ جاری رکھنے پر بھی زور دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف نے کہا کہ توانائی کے شعبے کی کمزوریاں پاکستان کے مالی استحکام کے لیے خطرہ ہیں، حکومت نے رواں مالی سال بجلی شعبے کے سرکلر ڈیٹ کے بہاؤ کو مزید کم کرنے کا عزم کیا ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق توانائی شعبے میں اصلاحات کا مقصد نقصانات کم کر کے بجلی اور گیس کے شعبے کو مالی طور پر مستحکم بنانا ہے۔

بقیہ 61
خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے پریس بریفنگ کے دوران بتایا کہ پاکستان کے آرمی چیف کا طے شدہ دورہ ایران دونوں ممالک کے باہمی تعلقات اور مشترکہ امور پر توجہ مرکوز رکھے گا۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ اس وقت ایران اور پاکستان کے درمیان تعلقات بہترین مراحل میں سے ایک سے گزر رہے ہیں۔ ان کے مطابق دونوں ممالک باہمی تعاون اور علاقائی معاملات پر رابطے میں ہیں۔ ایرانی ترجمان نے ایران کے خلاف جاری جنگ کے حوالے سے کہا کہ تہران نے جنگ شروع نہیں کی بلکہ اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کا دفاع کیا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایران جنگ کے خاتمے کے لیے مخالفین کی شرائط قبول نہیں کرے گا۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ ایران کسی جارح فریق کو یہ اجازت نہیں دے گا کہ وہ جنگ کے خاتمے کی شرائط خود طے کرے

بقیہ 62
نے شکر ادا نہیں کیا، سارے افسردہ اور غصے میں ہیں، کہتے ہیں حکومت سے بدلہ لینا ہے، مسئلہ یہ ہے علاج کے لیے کہا گیا ہے اور علاج بیمار کا ہوتا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ اس وقت پاکستان کی سفارت کاری عروج پر ہے، 78 سال میں سفارتی محاذ پر پاکستان کا یہ عروج کبھی نہیں دیکھا۔ انہوں نے کہا کہ یہ کریڈٹ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو جاتا ہے، اللہ تعالیٰ فیلڈ مارشل کو کامیاب کرے اس دورے کی کامیابی دنیا کے لیے ریلیف فراہم کرے گی۔

بقیہ 63
پر مجبور ہیں۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق ہائی سپیڈ ڈیزل پر یہ اضافی بوجھ 122 روپے 47 پیسے فی لیٹر تک پہنچ چکا ہے۔ ڈیزل کی بنیادی لاگت 245 روپے 82 پیسے ہے جبکہ مارکیٹ میں اس کی قیمت 368 روپے 29 پیسے فی لیٹر مقرر کی گئی ہے۔ اس فرق میں شامل 122 روپے 47 پیسے لیوی، ٹیکس اور مختلف مارجنز کی مد میں وصول کیے جا رہے ہیں جس سے ایندھن کی قیمتیں عام شہریوں کی پہنچ سے باہر ہو رہی ہیں۔

بقیہ 64
بچا سکتے ہیں، پاکستان کے 100 زرعی گریجویٹس کو زیتون کی کاشت، پروسیسنگ، مارکیٹنگ اور ویلیو چین کے مختلف شعبوں میں جدید تربیت حاصل کرنے کیلئے اٹلی بھجوائیں گے۔ وہ پیر کو یہاں پاکستان نیشنل اولیو ویلیو چین پالیسی کے اجرا کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وفاقی وزرا، غیر ملکی سفارت کاروں کے علاوہ زیتون کی کاشت اور اس شعبے سے وابستہ کسانوں، ماہرین اور محققین کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ وزیراعظم نے کہا کہ خوشی ہے کہ وہ پاکستان کے زیتون کے مایہ ناز کسانوں، محققین اور برآمد کنندگان سے مخاطب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں اور ماہرین کی شب وروز محنت سے زیتون کے شعبے میں شاندار مثال قائم ہوئی ہے۔ انہوں نے لورالائی سے عبدالجبار، مردان سے قرۃ العین اور چکوال سے یعقوب اظہار کی محنت کو خاص طور پر قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ زیتون کی کاشت کے فروغ کے لئے صوبائی حکومتوں کے تعاون پر مشکور ہیں۔ وزیراعظم نے زیتون کی کاشت کو فروغ دینے والے کسانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کسانوں نے ثابت کیا کہ عزم، محنت اور جدید سوچ کے ذریعے بڑے نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زرعی انقلاب کے لئے کسانوں کو ہر ممکن معاونت فراہم کریں گے، وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل کر کسانوں کو سہولتیں فراہم کریں گی، ملک میں زرعی انقلاب کیلئے عملی اقدامات کرنا ناگزیر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ہر سال تقریباً 4 ارب ڈالر کا خوردنی تیل درآمد کرتا ہے، درآمدی بل میں سالانہ صرف 400 ملین ڈالر کی بھی کمی لائی جائے تو یہ بڑی خدمت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ درآمدی بل میں کمی کے لئے انہوں نے پام آئل اور سورج مکھی کی کاشت کو فروغ دینے کی بھی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور اٹلی کے درمیان تجارتی تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں، زراعت، ٹریکٹر مینوفیکچرنگ اور دیگر شعبوں میں دونوں ممالک کا تعاون قابل ذکر ہے۔ پاکستان اور اٹلی زیتون کی پیداوار، ویلیو ایڈیشن، جدید پروسیسنگ اور برآمدات کے شعبے میں تعاون مزید بڑھائیں گے۔ وزیراعظم نے 100 نوجوان زرعی گریجویٹس کو اٹلی بھیجنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ یہ نوجوان زیتون کی کاشت، پروسیسنگ، مارکیٹنگ اور ویلیو چین کے مختلف شعبوں میں جدید تربیت حاصل کریں گے۔ قبل ازیں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے زیتون کے کاشتکاروں، اس شعبے کے محققین اور ماہرین میں شیلڈز تقسیم کیں

صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی سے صوبائی مشیر لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول عمرانی اور سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمٰن بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

سابق گورنر بلوچستان کی نماز جنازہ چارسدہ میں ادا، میر سرفراز بگٹی کی شرکت

جنرل ریٹائرڈ عمران اللہ خان ایک باوقار، مدبر اور نفیس شخصیت کے مالک تھے، وزیراعلیٰ

چارسدہ(خ ن) سابق گورنر بلوچستان جنرل ریٹائرڈ عمران اللہ خان کی نماز جنازہ اتمانزئی، چارسدہ میں ادا کر دی گئی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نماز جنازہ (بقیہ نمبر9 صفحہ3پر)

حکومت کی پالیسی عوامی خدمت ہے، قادر بخش پرکانی

علاقے میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، صحت، تعلیم اور مواصلات کے شعبوں میں بہتری کی اشد ضرورت ہے

خضدار(خ ن) کمشنر خضدار ڈویژن قادر بخش پرکانی سے قبائلی عمائدین اور سرکاری افسران نے ان کے آفس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں علاقے کے امن و امان، ترقیاتی (بقیہ نمبر10 صفحہ3پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان ملاقات کر رہے ہیں

گوادر میں تعلیم کا فروغ، سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، ہدایت الرحمٰن بلوچ

گوادر کے مختلف علاقوں میں قائم 23 گرلز اسکولوں کے کلسٹر بجٹ متعلقہ کلسٹر ہیڈز کے حوالے کر دیے گئے

دستیاب وسائل کو شفافیت، میرٹ اور ضرورت کی بنیاد پر استعمال کیا جائے، کلسٹر ہیڈز اور اساتذہ کو ہدایت

گوادر(خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن "ہر بچہ اسکول میں" اور صوبے میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے جاری اقدامات کے تحت گوادر کے مختلف علاقوں میں قائم 23 گرلز اسکولوں کے کلسٹر بجٹ متعلقہ کلسٹر ہیڈز کے حوالے کر دیے گئے۔ (بقیہ نمبر1 صفحہ3پر)

ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن شادی کور ٹرانسمیشن لائن سے منسلک متعدد دیہاتوں میں پانی کی فراہمی کے نئے منصوبے کا افتتاح کر رہے ہیں

بے گناہ مزدوروں کو نشانہ بنانے والے دہشتگرد رعایت کے مستحق نہیں، میر ضیاء لانگو

سرانان میں مزدوروں پر فائرنگ کی شدید مذمت، امن دشمنوں کو کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے گا

تعمیراتی کام میں مصروف نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا سفاکیت اور بزدلی ہے، وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ(یو این اے) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے ضلع پشین کے علاقے سرانان بازار میں تعمیراتی کام میں مصروف بے گناہ اور نہتے مزدوروں پر فائرنگ کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہداء کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت (بقیہ نمبر18 صفحہ3پر)

میتھر، کار کی ٹکر سے 2 افراد جاں بحق

لورالائی(این این آئی) میتھر کے علاقے میں تیز رفتار کار کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار 2 افراد جاں بحق ہوگئے جبکہ حادثے کے بعد موٹرسائیکل سواروں کو بچاتے ہوئے ٹرک الٹنے سے ڈرائیور زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق پیر کو میتھر کے علاقے سہین پل جلیبی موڑ کے قریب تیز رفتار کار کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار 2 افراد امان اللہ اور یوسف جاں بحق ہوگئے

عوامی مسائل کا بروقت حل انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، حبیب بنگلزئی

کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد عوام اور انتظامیہ کے درمیان رابطے کو مزید مضبوط بنانا ہے

چمن(خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر کمپلیکس ہال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد شہریوں کے مسائل، شکایات اور تجاویز براہ راست سننا اور ان کے فوری حل کے لیے اقدامات اٹھانا تھا۔ کھلی کچہری میں آر ی کے کرنل اسد، ڈی (بقیہ نمبر2 صفحہ3پر)

جعفر ایکسپریس 2 روز کیلئے منسوخ

کوئٹہ(این این آئی) پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس (آج) منگل کو 2 روز کیلئے منسوخ کردی گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق جعفر ایکسپریس کی روانگی ریلوے ٹریک کی مرمت کے سلسلے میں منسوخ کی گئی ہے، آج پشاور سے آنے والی جعفر ایکسپریس جیکب آباد تک محدود کردی گئی۔

علاقے کے زیادہ سے زیادہ بچوں کو اسکولوں میں داخل کرایا جائے، لیاقت علی

اساتذہ اور طلباء محنت، دیانت داری اور ذمہ داری کے ساتھ اپنی تعلیمی سرگرمیاں جاری رکھیں

سبی(خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی خصوصی ہدایت اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سبی عبدالستار لانگو کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن (بقیہ نمبر11 صفحہ3پر)

عوامی مسائل کے حل میں غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی، ندیم اکرم

کھلی کچہری میں پیش کیے گئے عوامی مسائل اور شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے

لورالائی(خ ن) اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کی زیر صدارت اسسٹنٹ کمشنر کمپلیکس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد شہریوں کے مسائل، شکایات اور تجاویز (بقیہ نمبر12 صفحہ3پر)

کوہلو، فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

کوہلو(این این آئی) کوہلو کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا۔ پولیس کے مطابق پیر کو کوہلو کے علاقے گرسنی میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو ہلاک کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے

بختیارآباد، قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں ایک شخص ہلاک، دو افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی(این این آئی) بختیارآباد میں قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثے میں ایک شخص ہلاک جبکہ دو افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق بختیارآباد میں قومی شاہراہ پر تیز رفتار ٹرک کی ٹکر سے موٹرسائیکل سوار ایک شخص احمد اللہ جاں بحق جبکہ دو افراد محمد اخلاق اور نورالحق زخمی ہوگئے۔ پولیس نے نعش اور زخمیوں کو ہسپتال پہنچادیا

جلوسوں کے دوران سکیورٹی کے فول پروف انتظامات یقینی بنائے جائیں، مہراللہ بادینی

پروگرامز اور مجالس کو مقررہ اوقات میں بروقت مکمل کیا جائے، جلوس منتظمین اور نمائندوں کو ہدایت

کوئٹہ(خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی زیر صدارت 12 ربیع الاول عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر جلوسوں اور دیگر مذہبی پروگراموں کے سکیورٹی و انتظامی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں 12 ربیع الاول کے جلوسوں کے لیے جامع (بقیہ نمبر19 صفحہ3پر)

محنت کش مزدوروں کو نشانہ بنانا دہشتگردوں کی بزدلی کا ثبوت ہے، شاہد رند

بلوچستان کے عوام نے دہشت گردی کے خلاف بے شمار قربانیاں دی ہیں، صوبے میں امن و ترقی کے سفر کو کسی صورت متاثر نہیں ہونے دیا جائے گا

محنت کش مزدور اپنے روزگار اور صوبے کی تعمیر و ترقی کے لیے کام کر رہے تھے، انہیں نشانہ بنانا انسانیت کے خلاف سنگین جرم ہے۔ معاون وزیراعلیٰ

کو(خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے ضلع پشین کے علاقے سرانان بازار میں سڑک کی تعمیر میں مصروف مزدوروں پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے واقعے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ کہا کہ معصوم اور محنت کش مزدوروں کو نشانہ بنانا دہشت گردوں کی سفاکیت اور بزدلی کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور عوام کے حوصلوں کو (بقیہ نمبر21 صفحہ3پر)

عوام کی کمائی پر عیاشی کے محل اب نہیں چلیں گے، ثمینہ سعید

عوام مہنگائی، بھاری ٹیکسوں اور بنیادی سہولتوں سے محرومی کا شکار ہیں

لاہور(پ ر) قائم مقام سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ثمینہ سعید نے دھرنے کے خواتین، ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ظالم اور عوام دشمن حکمرانوں (بقیہ نمبر20 صفحہ3پر)

تمام اضلاع میں تنظیمی سرگرمیوں کو مزید فعال بنایا جائے گا، جابر حسین طاہری

روحانی طلبہ جماعت کے تنظیمی مشن، خدمت اور مثبت سرگرمیوں کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے گا

جیکب آباد(انیس جلکھرانی) روحانی طلبہ جماعت کے صوبائی رہنما تنظیمی دورے پر جیکب آباد پہنچے، پیش کی صوبائی قائدین میں روحانی طلبہ جماعت صوبہ سندھ زون 1 کے صدر جابر حسین لنڈ طاہری، (بقیہ نمبر3 صفحہ3پر)

★★★ کوئٹہ: آئی جی جیل خانہ جات کے اعزاز میں جیل خانہ جات یونٹ کے صدر غلام نبی محمد حسنی کی جانب سے دیے گئے استقبالیہ میں اپکا کے ضلعی صدر رحمت زہری اور دیگر شریک ہیں ★★★

حکومت اور ادارے غیر ریاستی عناصر کا قلع قمع کرنے کیلئے موثر کارروائی کر رہے ہیں، صادق عمرانی

دہشت گرد معصوم لوگوں کو قتل کرکے بلوچستان کے حالات خراب کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں، صوبائی وزیر

دہشت گرد عناصر امن و امان کی صورتحال کو خراب کرنے کیلئے نہتے مزدوروں پر حملہ کر رہے ہیں

کوئٹہ(خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے سرانان بازار میں سڑک کی تعمیر میں مصروف چار مزدوروں کے بہیمانہ قتل پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں (بقیہ نمبر3 صفحہ3پر)

متعدد دیہاتوں کو شادی کور ٹرانسمیشن لائن سے پانی کی فراہمی شروع

علاقہ مکینوں کو پینے کے پانی کی فراہمی کا دیرینہ مسئلہ ہمیشہ کیلئے حل ہو گیا

گوادر(خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے شادی کور ٹرانسمیشن لائن سے پانی کی فراہمی کے منصوبے کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ ٹرانسمیشن لائن کے راستے میں واقع متعدد دیہات اور گاؤں کو پانی کی فراہمی کے نئے منصوبے کا کر دی گئی ہے۔ جس (بقیہ نمبر13 صفحہ3پر)

صوبہ عملاً بدامنی، لاقانونیت اور عدم تحفظ کی لپیٹ میں ہے، مولانا واسع

باعزت، محفوظ اور پُرامن زندگی گزارنا ہر شہری کا بنیادی آئینی اور انسانی حق ہے، مگر بلوچستان کے عوام کو آج اس بنیادی حق سے بھی محروم کر دیا گیا

سرینا ہوٹل میں بیٹھ کر بلوچستان کے مستقبل کے فیصلے کرنے والے منصوبہ سازوں کو سمجھنا ہوگا کہ صوبہ کسی محلاتی تجربہ گاہ کا نام نہیں

کوئٹہ(این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ، جمعیت کے صوبائی امیر و سینیٹر مولانا عبدالواسع باعزت، محفوظ اور پُرامن زندگی گزارنا ہر شہری کا بنیادی آئینی اور انسانی حق ہے، مگر بلوچستان کے عوام کو آج اس بنیادی (بقیہ نمبر22 صفحہ3پر)

ڈھاڈر پولیس کی کارروائی، ڈکیتی میں ملوث ملزمان گرفتار

ہندو تاجر کے گھر ڈکیتی کرنے والے تین ملزمان گرفتار، لاکھوں کا مالِ مسروقہ برآمد

بولان(نامہ نگار) ڈی آئی جی سبی ڈویژن پرویز احمد عمرانی کے خصوصی احکامات اور ایس پی کچھی غلام مرتضیٰ بھٹو کی ہدایت کی روشنی میں ڈی ایس پی ڈی پی او ڈھاڈر شیر احمد محمد شہی کی زیر نگرانی ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی ڈھاڈر ارشاد احمد کھوڑا نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ جرائم (بقیہ نمبر14 صفحہ3پر)

حفظانِ صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی اور ناقص خوراک کی فراہمی کے خلاف کارروائی

کارروائی کے دوران 4 ریسٹورنٹس مالکان کو جرمانے اور نقائص پر 2 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری

لورالائی(خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی (بی ایف اے) زونل انسپکشن ٹیم نے حفظانِ صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی اور ناقص خوراک کی فراہمی کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے نیشنل ہائی وے ڈی جی خان روڈ سمیت لورالائی شہر کے مختلف مضافاتی علاقوں میں (بقیہ نمبر15 صفحہ3پر)

جھل مگسی، دو گروہوں میں فائرنگ کے تبادلے میں ایک شخص جاں بحق، 2 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی(این این آئی) جھل مگسی کے علاقے میں دو گروپوں میں فائرنگ کے تبادلے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جھل مگسی کے علاقے گوٹھ ظفر مگسی کیمپ کے قریب مگسی قبیلے کے دو گروپوں میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص نصراللہ جاں بحق جبکہ دو افراد مولا بخش اور گل بہار زخمی ہوگئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کردیا گیا

جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کی مناسبت سے موٹرسائیکل و کار ریلی کا انعقاد

ریلی کی قیادت پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت پیر سید صدرالدین شاہ بخاری قادری نے کی

جعفرآباد(مقصود احمد مہر) جشنِ عید میلاد النبی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی مناسبت سے ڈیرہ اللہ یار میں بخاری ہاؤس سے ایک پُروقار موٹرسائیکل و کار ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت پیر سید صدرالدین شاہ بخاری قادری نے کی۔ ریلی میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے عاشقانِ رسول ﷺ، سماجی شخصیات، ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری (بقیہ نمبر5 صفحہ3پر)

تمبو، بابا کوٹ گوٹھ مشکول میں نامعلوم مسلح افراد نے کسانوں کے گھروں کو آگ لگادی

ڈیرہ مراد جمالی(این این آئی) تمبو کے علاقے بابا کوٹ گوٹھ مشکول میں نامعلوم مسلح افراد نے کسانوں کے گھروں کو آگ لگادی۔ پولیس کے مطابق تمبو کے علاقے گوٹھ مشکول میں نامعلوم مسلح افراد نے مقامی کسانوں کے گھروں کو آگ لگادی جس سے متعدد گھر جل کر خاکستر ہوگئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

سیبوی، جمع ہونے والے بارشی پانی کی فوری نکاسی اور صفائی کا عمل مکمل

بلدیاتی فنڈز کی بندش کے باوجود شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے، سردار محمد خان تجک

سیبوی(نامہ نگار) میونسپل کمیٹی سیبوی کی جانب سے محدود بلدیاتی فنڈز کے باوجود شہر میں صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں گزشتہ شب ہونے والی بارش کے بعد شہر کے مختلف علاقوں اور شاہراہوں پر جمع ہونے والے بارشی پانی کی فوری نکاسی کرتے ہوئے صفائی کا عمل مکمل کیا گیا، جس سے شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات میں کمی (بقیہ نمبر23 صفحہ3پر)

بہادر شاہ نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بارکھان کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا

بارکھان(خ ن) بہادر شاہ نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بارکھان کا باقاعدہ چارج سنبھال کر اپنے فرائض کی انجام دہی شروع کر دی ہے۔ چارج سنبھالنے کے موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر بوائز سکولز طارق محمود کھیتران، ہیڈ ماسٹر ہائی سکول رکھنی حاجی محمد صدیق، ایس ایس ٹی حبیب اللہ اور بابو نادر شاہ بھی موجود تھے اور انہوں نے بہادر شاہ کو نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی

جشنِ ولادتِ مصطفیٰ ﷺ کی مناسبت سے وندر میں دو عظیم الشان پروگرامز کا انعقاد کیا جائے گا

سونمیانی وندر(نمائندہ گوادر بزنس) دعوتِ اسلامی کے تحت جشنِ ولادتِ مصطفیٰ ﷺ کی مناسبت سے وندر میں دو عظیم الشان پروگرامز کا انعقاد کیا جائے گا جن میں عاشقانِ رسول ﷺ بھرپور انداز میں شرکت کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق 25 اگست بروز منگل آج بعد نمازِ عشاء فیضانِ مدینہ وندر میں عظیم الشان اجتماعِ میلاد منعقد ہوگا جس کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک اور نعتِ رسولِ مقبول ﷺ سے ہوگا جبکہ اس موقع پر سنتوں بھرا بیان بھی کیا جائے گا۔ اجتماع کے اختتام پر صبحِ بہاراں کا استقبال کرنے کا خصوصی سلسلہ ہوگا

چارسدہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سابق گورنر بلوچستان جنرل (ر) عمران اللہ خان کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

نصیرآباد، سبی، ڈھاڈر اور گردونواح میں آندھی اور بارش

ڈیرہ مراد جمالی(این این آئی) نصیرآباد، سبی، ڈھاڈر، بھاگ، بختیارآباد، لہڑی، ڈیرہ مراد جمالی سمیت دیگر علاقوں میں طوفانی آندھی کے ساتھ موسلادھار بارشوں نے بڑے پیمانے پر تباہی مچادی درجنوں کچے مکانات منہدم بجلی کے کھمبے گر گئے مکانات کی چھتیں سائن بورڈ اور درخت اکھڑ گئے گھروں سرکاری دفاتر واٹرسپلائی اور بورنگ پر لگے سولر پلیٹس گر کر ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوگئے جبکہ بیس سے زیادہ افراد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ناڑی گاج میں سیلابی صورتحال، مقامی افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل ہونے کی ہدایت تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ڈھاڈر مشکاف سبی، لونی، کشکوری، حاجی شہر، غازی، بھاگ ناڑی، بختیارآباد، جھل، خیر واہ، چھلگری، نوتال، لانڈھی (بقیہ نمبر8 صفحہ3پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کی زیرِ صدارت علمائے کرام کا اجلاس

12 ربیع الاول کے روز نکلنے والے مرکزی جلوسوں کے تمام روٹس پر سخت ترین سیکیورٹی انتظامات کرنے کا فیصلہ

لسبیلہ(خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ کی زیرِ صدارت ضلع بھر کے علمائے کرام کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں 12 ربیع الاول کے جلوس کے مقررہ روٹس، امن و امان اور سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات پر تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں ڈی (بقیہ نمبر6 صفحہ3پر)

ساہیجی فقیر محمد بازار میں اسکل ڈویلپمنٹ و مڈل لیول ایکسلیریٹڈ لرننگ پروگرام ALP سینٹر قائم

پروگرام کا مقصد بچوں کو تعلیم کے ساتھ ایسی عملی مہارتیں فراہم کرنا ہے، عادل نوذزئی

گوادر(خ ن) صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی کے تحت محکمہ تعلیم گوادر اور یونیسیف کے تعاون سے گوادر کے علاقے ساہیجی فقیر محمد بازار میں اسکل ڈویلپمنٹ و مڈل لیول ایکسلیریٹڈ لرننگ پروگرام ALP سینٹر قائم کیا گیا ہے، جہاں بچوں کو مڈل لیول تعلیم کے ساتھ (بقیہ نمبر7 صفحہ3پر)

ڈپٹی کمشنر چمن کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس

افسران نے اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی، منصوبوں کی پیش رفت اور درپیش مسائل سے اجلاس کو آگاہ کیا

چمن(خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے متعلقہ محکموں کے سربراہان اور افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں جاری اور مکمل ہونے والے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے (بقیہ نمبر16 صفحہ3پر)

ڈپٹی کمشنر دکی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

غیر حاضر یا غفلت کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت

دکی(خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمٰن کبدانی کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی (DHC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر دکی ڈاکٹر بہادر خان لونی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو ہسپتال ڈاکٹر جوہر خان شادوزئی، اے ڈی ایم پی پی ایچ آئی راز محمد، ڈسٹرکٹ اکاؤنٹ آفیسر عبدالباقی، ایم اینڈ ای آفیسر ای پی آئی پیر محمد اور دیگر متعلقہ محکموں و اداروں (بقیہ نمبر17 صفحہ3پر)

حاجی عبدالحمید انتقال کر گئے

کوئٹہ(پ ر) حاجی عبدالحمید کا بقضائے الٰہی انتقال ہوگیا ہے۔ وہ محمد آصف اریکیشن، جہانزیب خان اریکیشن، جاوید احمد کیسکو، سجاد احمد اور اعجاز احمد کے والد، حاجی عبدالغفار، حاجی عبدالستار مرحوم، حاجی عبدالجبار مرحوم، عبداللہ خان مرحوم، حاجی نصراللہ مرحوم اور نقیب اللہ کے بھائی تھے۔ مرحوم کا جنازہ اور تدفین مورخہ 25 اگست، بروز منگل شام 5:30 بجے کلی زرغون خانوزئی کے قبرستان میں ادا کی جائیگی۔ جبکہ فاتحہ خوانی کلی زرغون میں دو روز کے لئے 26 اور 27 اگست کو منعقد کی جائیگی۔

علی مدد جتک کی میر اکرم بنگلزئی سے ملاقات، استعفیٰ واپس لے لیا

علی مدد جتک نے میر اکرم بنگلزئی کے تحفظات تفصیل سے سنے، ہر ممکن تعاون اور یقین دہانی

کوئٹہ(خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے سیاسی و قبائلی رہنما ملک میر اکرم بنگلزئی کی رہائش گاہ پر پہنچ کر ان سے اہم ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران سیاسی و قبائلی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور اور پارٹی معاملات پر تفصیلی تبادلہ (بقیہ نمبر24 صفحہ3پر)

اشیاءِ خورد و نوش کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ لینے کے لئے پرائس کنٹرول کمیٹی متحرک

جنرل اسٹورز، قصائیوں، پھل و سبزی فروشوں، دودھ فروشوں اور نانبائیوں کی دکانوں کا معائنہ

قلات(خ ن) اشیاءِ خورد و نوش کی قیمتوں اور معیار کا جائزہ لینے کے لیے پرائس کنٹرول کمیٹی متحرک ہوگئی ہے تحصیلدار قلات حاجی عبدالغفار لہڑی کا ریڈر اسسٹنٹ کمشنر ثناء اللہ محمد حسنی کے ہمراہ قلات بازار کا تفصیلی دورہ کیا گرانفروشی اور صفائی ستھرائی کا خیال نہ رکھنے اور زائد المیعاد اشیاء فروخت کرنے پر متعدد دکاندار جرمانے کئے گئے ڈپٹی (بقیہ نمبر25 صفحہ3پر)

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر10 فیز1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883708
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

مزدوروں اور عام شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور انسانیت دشمن عمل ہے، بابر یوسفزئی

واقعے میں ملوث دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا

کالعدم دہشت گرد تنظیمیں معصوم شہریوں، مزدوروں اور مسافروں کو سافٹ ٹارگٹ سمجھ کر نشانہ بنا رہی ہیں

کوئٹہ(خ ن) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے پشین کے علاقے سرانان میں سڑک پر کام کرنے والے چار نہتے اور معصوم مزدوروں کی شہادت کے افسوسناک واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم مزدوروں اور عام شہریوں کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور انسانیت دشمن عمل ہے۔ اپنے ایک بیان میں بابر یوسفزئی نے کہا کہ کالعدم دہشت گرد تنظیمیں معصوم شہریوں، مزدوروں اور مسافروں کو سافٹ (بقیہ نمبر26 صفحہ3پر)

صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے عبدالرؤف بلوچ اور بشیر احمد بڑیچ ملاقات کر رہے ہیں



اسلام آباد: صدر مملکت آصف علی زرداری کا چائنا ہاربر انجینئرنگ کمپنی کے وفد سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو، وزیراعلیٰ سندھ بھی ہمراہ ہیں